آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز پیر 21 نومبر 2022ء بمطابق 26 ربیع الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 273

ہم نے کسی کے ساتھ کسی قسم کا کوئی خفیہ معاہدہ نہیں کیا

سردار اختر مینگل

بلوچ قوم اور بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات کے تحفظ کو اولیت دیکر یہاں کے گھمبیر انسانی حقوق کی پامالیوں اور نظر انداز کئے گئے قومی مسائل کو حل کرنے کی خاطر دوٹوک اصولی موقف اختیار کیا ہے

بلوچ قوم کی بقاء شناخت و وجود اور بلوچستان کے سرزمین کی ایک ایک انچ کا دفاع اور ساحل وسائل کا تحفظ کرنے کی جدو جہد ہمارے لئے مقدم اور مقدس ہے

بی این پی کے کارکناں کا سیاسی قومی جمہوری جدو جہد کے حصول کے لئے ایک طویل ترین تاریخی قربانیوں کا پس منظر رکھتا ہے' سربراہ بی این پی وسابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ ہم نے کسی کے ساتھ کسی قسم کا کوئی خفیہ معاہدہ نہیں کیا بلکہ بلوچ قوم اور بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات کے تحفظ کو اولیت دیکر یہاں کے گھمبیر انسانی حقوق کی پامالیوں اور نظر انداز کئے گئے قومی مسائل کو حل کرنے کی خاطر دوٹوک اصولی موقف اختیار کیا ہے کیونکہ ہمارے لئے ذاتی گروہی اور خاندانی مفادات کی حصول اہمیت کے حامل نہیں ہیں بلکہ بلوچ قوم کی بقاء شناخت و وجود اور بلوچستان کے سرزمین کی ایک ایک انچ کا دفاع اور ساحل وسائل کا تحفظ کرنے کی جدو جہد ہمارے بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب اسلم خان رئیسانی سے بی این پی کے سربراہ اختر جان مینگل ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع	
فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

کوپ 27 کانفرنس ماحولیاتی آفات سے نمٹنے کیلئے فنڈ قائم کرنے پر اتفاق

پاکستان کا خیر مقدم دو ہفتوں سے جاری کانفرنس میں موسمیاتی نقصان کے ازالے کیلئے فنڈ قائم کرنے کی منظوری دے دی گئی

غریب ممالک کے نقصانات کے ازالے کیلئے فنڈ کے قیام پر اتفاق موسمیاتی انصاف کے ہدف کی جانب پہلا قدم ہے، وزیر اعظم

فنڈ قائم کرنے کا فیصلہ ہوچکا ہے تو اب پاکستان فنڈ کے فعال ہونے کا منتظر ہے،وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمن کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کوپ 27 کانفرنس میں موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ غریب ممالک کے نقصانات کے ازالے کیلئے فنڈ قائم کرنے پر اتفاق کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ماحولیاتی انصاف کی جانب پہلا قدم قرار دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مصر میں جاری اقوام متحدہ کے تحت کوپ 27 کانفرنس میں ماحولیاتی تبدیلی سے متاثرہ غریب ممالک کے نقصانات کے ازالے کے لیے فنڈ قائم کرنے پر اتفاق کرلیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے اس معاہدے کی منظوری میں کافی تاخیر ہوئی۔ اقوام متحدہ کے تحت کوپ 27 اجلاس میں مصر کے صدر نے ماحولیاتی چیلنج سے نمٹنے کیلئے مسودہ پیش کیا تھا جسے یورپی یونین کی جانب سے مسترد کردیا گیا تھا۔ دو ہفتوں سے جاری کانفرنس میں موسمیاتی نقصان بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

جدہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

کوپ 27 کانفرنس: موسمیاتی تبدیلی سے متاثر ممالک کیلئے فنڈ قائم کرنے کا فیصلہ کامیابی ہے، دفتر خارجہ

پاکستان نے ترقی پذیر ممالک کو فنڈ قائم کرنے کے لیے ثابت قدم رہنے اور مثالی یکجہتی کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی ہے

مشکلات سمجھنے اور تعاون کرکے ہنگامی بنیادوں پر نقصان اور تباہی کے ردعمل کے لیے ترقی یافتہ ممالک کو سراہتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) کوپ 27 کانفرنس میں موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ غریب ممالک کے نقصانات کے ازالے کیلئے فنڈ قائم کرنے پر اتفاق کے تاریخی فیصلے کا دفتر خارجہ نے خیر مقدم کرتے ہوئے اسے اہم کامیابی قرار دیدیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق مصر کے شہر شرم الشیخ میں ہونے والی کوپ 27 کانفرنس میں اس حوالے سے کیا جانے والا منفرد فیصلہ خاص طور پر گروپ 77 اور چین کی اہم کامیابی ہے کیونکہ ترقی پذیر ممالک گزشتہ 30 برسوں سے ایسے فنڈ کا مطالبہ کررہے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

خضدار کلہاڑیوں کے وار خاتون سمیت 3 افراد قتل

ضابطے کی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے بعد لاشوں کو ورثاء کے حوالے کیا گیا ہے

خضدار (این این آئی) خضدار کی تحصیل کرخ میں نامعلوم حملہ آوروں نے گھر میں گھس کر کلہاڑیوں کے وار سے خاتون سمیت 3 افراد کو قتل کردیا، پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ تحصیل کرخ کے علاقے کلی اکرو میں نامعلوم ملزمان نے گھر میں گھس کر کلہاڑیوں کے وار سے خاتون بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث آگ لگنے سے 2 افراد جھلس کر زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث آگ لگنے سے 2 افراد جھلس کر زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے جاری کردہ اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے جاری بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گوادر کسٹمز کی چیکنگ کے مقام پر کارروائی 40 کروڑ روپے مالیت کی اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) گوادر کسٹمز کی چیکنگ کے مقام پر کارروائی 40 کروڑ روپے مالیت کی اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرلی بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں پولیس کانسٹیبل اندھی گولی لگنے سے زخمی

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں پولیس کانسٹیبل اندھی گولی لگنے سے زخمی ہوگیا ڈی ایس پی سرکل ڈیرہ اللہ یار کا گن بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

نواب محمد اسلم رئیسانی سے سردار اختر مینگل کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) چیف آف سراوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی سے اتوار کو بلوچستان نیشنل پارٹی بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

حکومت کی جانب سے معاشی مسائل پر بالکل توجہ نہیں دی جارہی، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے معاشی مسائل پر بالکل توجہ نہیں دی جارہی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

افغان باشندوں کی پاکستانی علاقے میں سڑک کی تعمیر کی کوشش پر فائرنگ کا تبادلہ

پارا چنار (این این آئی) ضلع کرم کے سرحدی علاقوں میں افغان باشندوں نے پاکستانی علاقے میں سڑک کی تعمیر کی کوشش بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

عبدالولی کاکڑ سیکرٹری جنگلات بلوچستان تعینات کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے، عبدالولی کاکڑ سیکرٹری جنگلات تعینات۔ چیف سیکرٹری بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

راجہ پرویز اشرف کا موسمیاتی تباہی کا شکار غریب ممالک کے لئے عالمی فنڈ کے قیام کا خیر مقدم

کاپ۔27 کے موقع پر پاکستانی پارلیمانی سفارتکاری نے اہم سنگ میل عبور کیا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے موسمیاتی تباہی کا شکار غریب ممالک کے لئے عالمی فنڈ کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی حکومت اور پارلیمان کی کوششیں رنگ لے آئیں، موسمیاتی نقصانات کے ازالے کے لئے عالمی فنڈ قائم بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

افغانستان کی جانب سے خرلاچی اور بوڑکی میں پاکستان کی کرم بارڈر کی خلاف ورزی اور شہری آبادی کو نشانہ بنانا قابل مذمت ہے، ساجد طوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور ترقی انسانی وسائل ساجد حسین طوری نے افغانستان کی جانب سے پاکستان کے خرلاچی اور بوڑکی کی مقام پر کرم بارڈر کی مسلسل خلاف ورزی، جارحیت اور شہری آبادی کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اپنے ردعمل میں بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تحت ای خدمت مرکز کے قیام کی منظوری دے دی

ای۔خدمت مرکز کے قیام سے عوام سے براہ راست منسلک سرکاری امور کی انجام دہی میں بہتری آئیگی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ میں محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تحت ای۔خدمت مرکز کے قیام کی منظوری دے دی ہے وزیر اعلیٰ نے منصوبے کے لئے 51.075 ملین روپے کے اجراء کی منظوری بھی دی ہے وزیر اعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ سائنس بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاک افغان بارڈر چمن باب دوستی اور تصدق گیٹ کو بروز سوموار سے ہر قسم کی نقل وحرکت کے لیے کھول دیا جائے گا' عبدالحمید زہری

چمن (خ ن) پاک افغان بارڈر چمن باب دوستی اور تصدق گیٹ کو بروز سوموار سے ہر قسم کی نقل وحرکت کے لیے کھول دیا جائے گا ڈپٹی کمشنر چمن عبدالحمید زہری نے اپنے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ چمن باب دوستی بارڈر تجارتی پیدل آمدورفت اور ہر قسم کی ٹریفک کیلئے کھول دیا جائیگا ڈپٹی بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

لاہور پی پی آئی کے چیئرمین عمران خان سے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف کی کوششیں رنگ لے آئیں، موسمیاتی نقصانات کے ازالے کے لئے عالمی فنڈ قائم

ڈیجیٹل اینڈ لاس فنڈ کے ذریعے سیلاب سمیت دیگر موسمیاتی نقصانات کے شکار ممالک کو مالی معاونت مل سکے گی

اسلام آباد (این این آئی) موسمیاتی تباہی کا شکار غریب ممالک کیلئے بڑی خوش خبری، وزیر اعظم شہباز شریف کی کوششیں رنگ لے آئیں، موسمیاتی نقصانات کے ازالے کیلئے عالمی فنڈ قائم کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کاپ 27 نے نئی تاریخ لکھی، سیکریٹری جنرل اقوام بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ہمارے سب سے قیمتی اثاثہ ہمارے بچے ہیں

بلاول بھٹو زرداری

اولین ترجیح بچوں کا مستقبل ہونا چاہئیں، تعلیم، صحت اور صاف و پرامن ماحول بچوں کی بہتر صحت مند نشوونما کیلئے ضروری ہیں

ہمیں یقینی بنانا ہوگا ہر بچے کو تعلیم، صحت کی سہولیات تک رسائی حاصل ہو، وزیر خارجہ کا بچوں کے عالمی دن پر پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہمارے بچے ہیں، بچوں کو تمام مطلوبہ سہولیات فراہم کرنا حکومت اور معاشرے کی ذمہ داری ہے تاکہ بچے آنے والی نسلوں کی بہبود کے لیے اپنی صلاحیتوں کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لاسکیں، تعلیم، صحت اور صاف و پرامن ماحول بچوں کی بہتر صحت مند نشوونما کے لیے ضروری ہیں۔ بچوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آج کے بچے کل کے لیڈر ہیں، جن کے ذہنوں کو رواداری اور ہم آہنگی کیساتھ پروان چڑھانے کی ضرورت ہے۔ بچوں کے مفاد میں اقدامات بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

حالیہ سیلاب میں لاکھوں بے گھر ہونے والے بچوں کو بھی یاد رکھنا ہے، شازیہ مری

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہزاروں غریب خاندانوں کے بچوں کو تعلیم وصحت کے لئے وظائف دے رہا ہے

سیلاب متاثرہ بچے ہماری مدد کے منتظر ہیں آئیں مل کر ان مصیبت زدہ بچوں کی مدد کریں وفاقی وزیر وچیئرپرسن آئی ایس پی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر چیئرپرسن آئی ایس پی شازیہ مری نے کہا ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہزاروں غریب خاندانوں کے بچوں کو تعلیم و صحت کیلئے وظائف دے رہا ہے۔ بچوں کے عالمی دن کے موقع پر وفاقی وزیر شازیہ مری نے کہا کہ دنیا 20 نومبر کا دن بچوں کے عالمی دن کے طور پر مناتی ہے، یہ دن بچوں کے فلاح وبہبود کے لئے مل کر کام کرنے کے عزم کا دن ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہزاروں غریب خاندانوں کے بچوں کو تعلیم و صحت کے لئے وظائف دے رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وظائف بینظیر نشوونما پروگرام اور بینظیر تعلیمی وظائف کے تحت دیے جارہے ہیں، ماں بچے کو صحتمند بنانے کیلئے وٹامنز ومنرلز کے ساشے دیے جاتے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ بینظیر تعلیمی وظائف کے ذریعے غریب خاندانوں کے بچوں بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

افغانستان بارڈر صورت حال پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے، رضا ربانی

مشترکہ اجلاس میں فرینڈشپ گیٹ کے واقعے کے حوالے سے خاص طور پر پر بریفنگ دی جائے

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ افغانستان بارڈر صورت حال پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے، مشترکہ اجلاس میں فرینڈشپ گیٹ کے واقعے کے حوالے سے خاص طور پر پر بریفنگ دی جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مشترکہ اجلاس میں ٹی ٹی پی کے ساتھ مذاکرات کے بارے آگاہ کیا جائے، چمن کے ساتھ افغان سرحد کو غیر معینہ مدت کیلئے بند کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے علاقے سے مسلح مشتبہ افراد کی جانب سے فرینڈشپ گیٹ پر پاکستانی فورسز پر فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور دو زخمی ہو بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ہمیں افغان معیشت اور بینکنگ سسٹم کو بحال کرنے کی ضرورت ہے، منیر اکرم

پاکستان کو افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی پر بھی تشویش ہے

عالمی برادری کی پہلی ترجیح افغانستان میں انسانی بحران کا خاتمہ ہونا چاہیے' پاکستانی سفیر

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ افغانستان کی معیشت کی بحالی میں مدد اور انسانی ضروریات پوری کرنے کے لیے فوری طور پر 4 ارب 20 کروڑ ڈالر فراہم کرے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستانی سفیر منیر اکرم نے کہا کہ ہمیں افغان معیشت اور اس کے بینکنگ سسٹم کو بحال کرنے کی ضرورت ہے، اس کیلئے بیرون ملک رکھے گئے افغانستان کے اثاثوں کو واپس افغانستان کے مالیاتی نظام میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر بھی زور دیا کہ وہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی جانب سے افغانستان کے لیے 4 ارب 20 کروڑ ڈالر امداد کی اپیل پر اقدامات کرے۔ واضح رہے کہ افغان اثاثوں کو غیر منجمد کرنے کی اپیل براہ راست امریکا کو کی گئی ہے جس نے 2021 میں طالبان کے افغانستان کا اقتدار دوبارہ بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی سے امریکہ میں پاکستان کے اعزازی قونصل جنرل شاہد احمد خان کی ملاقات

پنجاب آئی ٹی بورڈ کے سلی کون ویلی کے اشراک پر اتفاق، بزنس ٹو بزنس تعلقات کے فروغ کیلئے ضروری اقدامات کا فیصلہ

آئندہ آنیوالے دنوں میں امریکہ اور پاکستان کے بہت اچھے تعلقات ہونگے' پرویز الٰہی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے وزیر اعلیٰ آفس میں امریکہ میں پاکستان کے اعزازی قونصل جنرل شاہد احمد خان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور سرمایہ کاری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بزنس ٹو بزنس تعلقات کے فروغ کے لئے ضروری اقدامات کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی اور اعزازی قونصل جنرل شاہد خان نے پنجاب آئی ٹی بورڈ کے سلی کون ویلی کے اشراک پر اتفاق ہوا۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے سبی اور دوبندی میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سبی کے علاقے ٹلی اور دوبندی کے علاقے مانکھ کلی میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپس میں کل 855 مقامی مریضوں کا معائنہ کیا گیا جن میں 351 مرد، 215 بچے اور 289 خواتین شامل تھے۔ تمام مریضوں کو طبی معائنہ کے ساتھ مفت بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ناراض بیوی کے واپس گھر نہ آنے پر پولیس اہلکار کی سسرال آکر فائرنگ

لاہور (این این آئی) نصیر آباد کے علاقہ میں ناراض بیوی کے واپس گھر نہ آنے پر پولیس اہلکار نے سسرال آکر فائرنگ کردی۔ بتایا گیا ہے کہ فردوس مارکیٹ کی حدود میں ناراض بیوی کے واپس گھر نہ آنے پر پولیس اہلکار نے سول کپڑوں میں اپنے تین ساتھیوں کے ساتھ سسرال بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پنجاب بھر میں 1181 ٹریفک حادثات میں 09 افراد جاں بحق 1245 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1181 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جس میں 09 افراد جاں بحق 1245 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 606 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ہم آج بھی اپوزیشن میں ہے، وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع

موجودہ صوبائی حکومت کو لانے میں ہمارا ہاتھ ہے' میڈیا سے گفتگو

دالبندین (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بے یو آئی نے ہر فورم پر عوامی حقوق پر آواز بلند کی ہے، ریکوڈک کے معاملے میں نواب رئیسانی کی حکومت میں جو شرائط ہم نے رکھی تھی اسی کی بدولت ہمیں دس سال حکومت سے باہر بیٹھنا پڑا اب جو معاہدہ ہوا ہے اس سے بلوچستان کو بغیر کسی ادائیگی کی پچیس فیصد شیئر ملے گا اور سات فیصد رائلٹی بھی شامل ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو دالبندین گلی ہاشم خان سنجرانی میں میڈیا سے گفتگو کرتے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے ہیں

ہر سال 21 نومبر بچوں کے تحفظ حقوق کیلئے منایا جاتا ہے، مملکت صدر

حکومت، مراعات یافتہ طبقات، این جی اوز اور بین الاقوامی تنظیمیں سیلاب سے متاثرہ بچوں کی ایک بڑی تعداد کی ضروریات پر توجہ دیں

"موسمیاتی تبدیلی، تعلیم اور دماغی صحت سے لے کر نسل پرستی اور امتیازی سلوک کے خاتمہ کے حوالہ سے بچے اور نوجوان ان مسائل پر آواز بلند کر رہے ہیں، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے حکومت، مراعات یافتہ طبقات، این جی اوز اور بین الاقوامی تنظیموں پر زور دیا ہے کہ پاکستان میں سپر سیلاب سے متاثرہ بچوں کی ایک بڑی تعداد کی ضروریات پر توجہ دیں۔ اتوار کو عالمی برادری کی جانب سے بچوں کا عالمی دن منایا گیا۔ بچوں کے عالمی دن کے موقع پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ اس دن کی مناسبت سے میں حکومت، مراعات یافتہ افراد، این جی اوز اور بین الاقوامی تنظیموں سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ پاکستان میں حالیہ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے آنے والے سپر فلڈ سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے بچوں کی ایک بڑی تعداد کی ضروریات پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں تعلیم، غذائیت اور خوراک فراہم کریں۔ ان کیلئے پناہ گاہوں کی فراہمی، بیماری اور بھوک سے ان کی حفاظت کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال یہ دن دنیا بھر میں بچوں کے حقوق کے فروغ اور تحفظ کے لیے منایا جاتا ہے۔ اس دن کو پہلی مرتبہ 1954 میں یونیورسل چلڈرن ڈے کے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کی تقرری پر سیاسی ہیجان برپا ہے، اسد عمر

ہمیں ایک ایسے ملک کی ضرورت ہے جہاں کے عوام اپنے فیصلے خود کریں

کیا 22 کروڑ کے ایٹمی طاقت والے ملک کے یہ حالات ہونے چاہئیں؟، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ آرمی چیف کی تقرری کے معاملے سے ایسا لگتا ہے کہ ایک سیاسی ہیجان برپا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں اسد عمر نے کہا کہ آرمی چیف کی تقرری کے معاملے پر ہر قسم کی قیاس آرائی ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا 22 کروڑ کے ایٹمی طاقت والے ملک کے یہ حالات ہونے چاہئیں؟ اسد عمر نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ اس پورے نظام کی اصلاح کی جائے۔ اسد عمر نے کہا کہ گزشتہ 10 روز بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سوئی سدرن گیس کمپنی بلوچستان کے عوام کے ساتھ ایسٹ انڈیا کمپنی کا سلوک کررہا ہے' اسلم بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات اسلم بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی بلوچستان کے عوام کے ساتھ ایسٹ انڈیا کمپنی کا سلوک کررہا ہے انہوں نے کہا کہ ایم سوئی سدرن گیس کمپنی کا موقف قابل مذمت جس میں انہوں نے کہا ہے کہ سردیوں میں بلوچستان کو گیس فراہم نہیں کرسکتے کیا بلوچستان بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

26 نومبر کو سرپرائز جس کو مرضی آرمی چیف لگائیں مجھے کوئی مسئلہ نہیں، عمران خان

یہ جس کو مرضی آرمی چیف لگائیں مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے، اب یہ لوگ دونوں طرف سے پھنس چکے ہیں

شہباز شریف لندن کی عدالت میں بھی پھنس چکا ہے، لگتا ہے وہاں بھی آؤٹ آف کورٹ سیٹلمنٹ کرے گا' صحافیوں سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین وسابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ 26 نومبر کو سب کو سرپرائز ملے گا، یہ جس کو مرضی آرمی چیف لگائیں مجھے کوئی مسئلہ نہیں، یہ اب دونوں طرف سے پھنس چکے ہیں۔ لاہور میں اپنی رہائش گاہ زمان پارک پر صحافیوں سے ملاقات عمران خان کی ملاقات ہوئی جس میں ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ بھی موجود تھیں۔ ملاقات میں سابق وزیر اعظم نے کہا کہ یہ جس کو مرضی آرمی چیف لگائیں مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے، اب یہ لوگ دونوں طرف سے پھنس چکے ہیں۔ مجھے اگلی پلاننگ پتا ہے، میں آگے کی پلاننگ کررہا ہوں، یہ اب دونوں طرف سے پھنس چکے ہیں، الیکشن کرواتے ہیں تو فارغ ہوجائیں گے، نہیں کرواتے تو ملک دیوالیہ ہونے کا خطرہ ہے، ہماری کوشش ہے جلد از جلد صاف شفاف انتخابات کا انعقاد ممکن ہو، نئے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

فواد چوہدری نے ملک کے خراب معاشی حالات اور بے امنی کا ذمہ دار وفاقی حکومت کو قرار دے دیا

تباہ حال معیشت اور برا طرز حکمرانی ملک میں نئی تباہی لا رہا ہے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اور پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما فواد چوہدری نے وفاقی حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ملک کے خراب معاشی حالات اور دہشت گردی کے بڑھتے واقعات کا ذمہ دار قرار دیدیا۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ سازش کے نتیجے میں معرض وجود میں آنے والی حکومت کے 7 ماہ میں دہشت گردی کے واقعات میں 52 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت کے فنڈز ہی روک دیئے، تباہ حال بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بسیمہ' چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس نعیم اختر افغان زیر تعمیر انٹرکالج کا معائنہ کررہے ہیں

کورونا کے مزید 29 کیسز مثبت، 42 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا کے مزید 29 کیسز رپورٹ ہوئے۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 7 ہزار 561 کورونا ٹیسٹ کیے گئے ہیں۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ارشد شریف قتل کیس: وقار اور خرم تحقیقات میں مدد کے وعدے سے مکر گئے

پاکستانی تفتیش کاروں نے باضابطہ خط لکھ کر بھائیوں کو مدد کا کہا تھا، رپورٹ

نیروبی/اسلام آباد (این این آئی) کینیا میں قتل ہونے والے پاکستانی صحافی ارشد شریف قتل کیس کے اہم کردار وقار احمد اور خرم احمد تحقیقات میں مدد کے وعدے سے مکر گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستانی تفتیش کاروں نے باضابطہ خط لکھ کر دونوں بھائیوں کو تعاون کا کہا تھا، وعدے کے باوجود دونوں نیروبی میں ریور سائیڈ ریزیڈنس کی سی سی ٹی وی دینے میں ناکام رہے۔ تفتیش کاروں نے ارشد شریف کا موبائل اور آئی پیڈ بھی مانگا تھا تاہم دونوں بھائیوں نے وہ بھی فراہم نہیں بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

دالبندین' وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ مولانا عبدالواسع میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

چیئرمین سینٹ کی قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی اور دیگر قیادت کو قطر میں فٹبال ورلڈ کپ کے انعقاد پر دلی مبارکباد

قطر کی جانب سے اس عالمی فٹبال میلے کا انعقاد تمام اسلامی ممالک کیلئے ایک اہم سنگ میل ہے، چیئرمین سینٹ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی اور دیگر قیادت کو قطر میں فٹبال ورلڈ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

21 نومبر 2022ء

ٹرین سروس کو 3 ماہ بعد دوبارہ سے بحال کردیا

محکمہ ریلوے بلوچستان کی جانب سے مون سون کی بارشوں اور سیلاب کے باعث معطل ہونے والے ٹرین سروس کو 3 ماہ بعد دوبارہ بلوچستان کے علاقے بولان سے بحال کردیا اتوار کو کوئٹہ سے 7 مسافر بسوں کے ذریعے 261 مسافروں کے علاوہ قلی، ریلوے کے عملے کو سیکورٹی کے ہمراہ کوئٹہ سے مچھ پہنچایا گیا جہاں سے پشاور کے لئے جعفر ایکسپریس ٹرین 9 بوگیوں پر مشتمل ٹرین اپنے مقررہ وقت پر روانہ ہوئی کوئٹہ سے مسافروں کو کوچز کے ذریعے ڈی ایس ریلوے، ڈی ٹی او سمیت دیگر آفیسران نے روانہ کیا اتوار کی صبح بلوچستان کے شہر مچھ بولان سے جعفر ایکسپریس تقریباً 261 مسافروں کو لے کر پشاور کیلئے روانہ ہوئی۔ محکمہ ریلویز کے مطابق مچھ سے پشاور روانگی کیلئے جعفر ایکسپریس کی نئی بوگیاں مچھ پہنچائی گئی تھیں، مسافروں کو بسوں کے ذریعے کوئٹہ سے مچھ تک پہنچایا گیا۔ پہلی ٹرین کی روانگی کے لئے کوئٹہ میں گزشتہ کئی روز سے لوگوں کو سفری سہولیات کے لئے ٹرین کی بکنگ شروع کی گئی تھی اور پہلی ٹرین میں کوئٹہ سے 261 مسافروں کو بسوں کو ذریعے روانہ کیا گیا مسافروں کو صبح 8 بجے ریلوے اسٹیشن پر بلایا گیا تھا اور 9 بجے انہیں بسوں کے ذریعے سیکورٹی کے ہمراہ ریلوے کا عملہ قلی بھی روانہ ہوئے ریلوے حکام کی جانب سے مسافروں کو کوئٹہ سے مچھ پہنچانے اور مچھ سے واپس کوئٹہ لانے کے لئے ڈپٹی کمشنر کے توسط سے معاہدہ کیا گیا ہے کہ 14 بسوں کے ذریعے مسافروں کو کوئٹہ سے مچھ پہنچایا اور واپس لایا جایا کرے گا مچھ میں مسافروں کی سہولت کے لئے موبائل فون کی چارجنگ، واش روم اور بیٹھنے کیلئے اضافی بینچز کے ساتھ ساتھ پینے کے پانی کی فراہمی سمیت دیگر سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ بسوں کی سیکورٹی کی ذمہ داری صوبائی حکومت کی ہے جبکہ مچھ سے ٹرین کی روانگی 11 بج کر 10 منٹ پر ہوگی۔ 9 بوگیوں پر مشتمل جعفر ایکسپریس ٹرین سکھر، لاہور، راولپنڈی سے ہوتی ہوئی پشاور پہنچے گی۔ اور سبی ریلوے اسٹیشن سے مزید 6 بوگیاں ٹرین کے ساتھ لگیں گی جاتے ہوئے اور پشاور سے آنے والی ٹرین سے 6 بوگیاں سبی میں الگ کرلی جائیں گی۔

سیاہی کو روشنائی کہنے کا زمانہ اور ملتان کے خوش نویس (آخری قسط)

رضی الدین رضی

نوائے وقت میں آنے کے بعد پہلی بار کاغذ اور قلم وافر تعداد میں میسر آئے۔ کاغذ کے بعد اب سیاہی کا ذکر کرتے ہیں۔ قارئین محترم، اخباری صحافت میں دو طرح کی سیاہی استعمال کی جاتی تھی، جب ہم صحافت میں آئے تو اس سے پہلے لیتھو پرنٹنگ اور لیتھو سیاہی کا زمانہ تھا۔ لیتھو طباعت نے ہمارے سامنے دم توڑا اور اس کی جگہ آف سیٹ پرنٹنگ آگئی جس میں بڑے پیمانے پر خوش نویسوں کی ٹیم کتابت کیا کرتی تھی۔ کتابت بھی اس زمانے میں خوش نویس ہی لکھتے تھے جنہیں عرف عام میں کاتب کہا جاتا تھا۔ کتابت کے ساتھ اخبارات میں پروف ریڈنگ کا ایک شعبہ بھی ہوتا تھا۔ پروف ریڈر کا کام کتابت شدہ مسودے سے غلطیاں نکالنا تھا۔ کاتب ختم ہوئے تو پروف ریڈر کی ضرورت بھی نہ رہی اور یہ کام بھی کمپیوٹر کے ذریعے سرانجام پانے لگا۔ کاتب چونکہ اخبار کی ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتے تھے اس لیے ان کی تنخواہیں بھی بسا اوقات ایڈیٹر صاحبان کے برابر تھیں، کچھ لوگ باریک لکھنے والے اور کچھ جلی سرخیاں لکھنے کے ماہر تھے۔ شہ سرخی لکھنے والے کو سب سے اہم سمجھا جاتا تھا اور عموماً وہ خوش نویسوں کی ٹیم کا سربراہ ہوتا تھا جیسے نیوز روم میں نیوز ایڈیٹر اداراتی عملے کی قیادت کرتا ہے اسی طرح کتابت سیکشن میں ہیڈ کاتب خوش نویسوں کا سربراہ ہوتا تھا، کس کی ڈیوٹی کب لگانی ہے، کسے چھٹی دینی ہے، تنخواہ کتنی ہوگی، ہفتہ وار چھٹیاں کیسے ہوں گی، صفحہ اول اور آخر پر کون سے خوش نویس ڈیوٹی دیں گے اور اندرونی صفحات پر کون کام کرے گا۔ یہ سب معاملات ہیڈ کاتب ہی دیکھتے تھے۔ خوش نویسوں کی ڈیوٹی میں اخبار کے اور کبھی کبھار تو ان سے زیادہ بھی ہوتی تھیں۔ اخبارات کے دفاتر میں اداراتی عملے سے پہلے کتابت سیکشن کو تنخواہ ملتی تھی کہ ان کی ہڑتال سے سب ڈرتے تھے۔ خوش نویسوں کی کئی اقسام تھیں، کچھ لوگ باریک لکھنے والے اور کچھ جلی سرخیاں لکھنے کے ماہر تھے۔ شہ سرخی لکھنے والے کو سب سے اہم سمجھا جاتا تھا اور عموماً وہ خوش نویسوں کی ٹیم کا سربراہ ہوتا تھا جیسے نیوز روم میں نیوز ایڈیٹر اداراتی عملے کی قیادت کرتا ہے اسی طرح کتابت سیکشن میں ہیڈ کاتب خوش نویسوں کا سربراہ ہوتا تھا، کس کی ڈیوٹی کب لگانی ہے، کسے چھٹی دینی ہے، تنخواہ کتنی ہوگی، ہفتہ وار چھٹیاں کیسے ہوں گی، صفحہ اول اور آخر پر کون سے خوش نویس ڈیوٹی دیں گے اور اندرونی صفحات پر کون کام کرے گا۔ یہ سب معاملات ہیڈ کاتب ہی دیکھتے تھے۔ خوش نویسوں کی ڈیوٹی میں اخبار کے مکمل دو کالم تحریر کرنا شامل ہوتا تھا۔ دو کالم کی ڈیوٹی مکمل ہونے کے بعد اگر ضرورت محسوس ہوتی تو ان سے اضافی کام بھی کروایا جاتا تھا جس کی ادائیگی کالموں کی پیمائش کے ساتھ کی جاتی تھی۔ ایک طرح سے خوش نویسوں کا اوور ٹائم ہوتا تھا۔ ہمیں یہ ساری باتیں گزشتہ ہفتے برادرم لقمان ناصر کے صاحبزادے کی شادی میں اپنے زمانے کے نامور خوش نویس رحمت علی انصاری سے ملاقات کے بعد یاد آئیں۔

رحمت علی انصاری کا نام ملتان میں کتابیں لکھنے والوں میں بہت نمایاں تھا۔ جو خوش نویس کتابیں لکھتے تھے ان کا ادیبوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا بھی رہتا تھا اور وہ شعر و ادب کے دلدادہ بھی ہوتے تھے۔ قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ بہت سے خوش نویس خود شعر بھی کہتے تھے جن میں تاثیر نقوی، وزیری پانی پتی، ابن کلیم کے نام قابل ذکر ہیں۔ رحمت علی انصاری سمیت اس زمانے کے خوش نویسوں کو آج بھی بہت سے اشعار ازبر ہیں۔

کیڈٹ کالج اوکاڑہ میں کھیلوں کے مقابلہ جات

محمد مظہر رشید چودھری

اس حقیقت سے انکار ناممکن ہے کہ کھیل بچوں کی بہتر نشوونما میں معاون ہونے کے ساتھ اُنکی کی کردار سازی اور نفسیاتی تربیت میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں، تین دہائیاں پہلے وطن عزیز پاکستان کے تعلیمی اداروں میں مختلف قسم کے کھیل اور صحت مندانہ سرگرمیاں باقاعدگی سے کروائی جاتی تھیں تاکہ بچوں کو صحت مند بنا کر مطلوبہ اہداف کا حصول ممکن بنایا جا سکے، بعد ازاں یہ سلسلہ ویسے نہیں چلایا گیا جیسے پہلے ہوتا تھا، یہ بھی حقیقت ہے کہ صحت مند بچے ہی تعلیمی میدان میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، موبائل، کمپیوٹر، لیپ ٹاپ اور انڈور گیمز کھیلنے والے اور خاص طور پر ایسے پرائیویٹ ادارے جن کی محدود رقبہ پر عمارت قائم ہوتی ہے وہاں طلبہ کے درمیان کھیلوں کے بڑے مقابلے نہ ہونے کے برابر ہیں جسکی وجہ سے طلبہ کی جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو پرکھنے کا موقع نہیں ملتا، وطن عزیز پاکستان میں بیس کے قریب کیڈٹ کالج طلبہ کی ذہنی وجسمانی صلاحیتوں کو مزید بہتر کرنے کے لیے تعلیم وتدریس کے ساتھ ہم نصابی اور کھیلوں پر خصوصی توجہ دیتے ہیں جس سے طلبہ میں نظم وضبط کے ساتھ جیت اور ہار کو بہتر انداز میں منانے کا سلیقہ آتا ہے، میچ ہارنے والی ٹیم کے ممبران جیتنے والی ٹیم کے ممبران کو مبارک باد دیتے ہیں اور ہارنے والی ٹیم کے ممبران ایک نئے جذبے کے ساتھ آئندہ جیت کے لیے مزید تیاری کرتے ہیں ،گزشتہ روز کیڈٹ کالج اوکاڑہ میں چھ روزہ کھیلوں کے سالانہ مقابلہ جات منعقد ہوئے راقم الحروف کو اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی بنائے جانے کا کارڈ ادارہ کے پرنسپل وسٹاف کی جانب سے موصول ہوا، کیڈٹ کالج اوکاڑہ تقریباً گیارہ سال سے مکمل طور پر تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے جسکی تعمیر میں سابق وزیر دفاع مرحوم راؤ سکندر اقبال کا بڑا اہم کردار رہا کالج کے پہلے ڈائریکٹر مرحوم پروفیسر راؤ ظفر اقبال نے اس کی تعمیر کے دوران سول سوسائٹی، میڈیا کو ہر موقع پر بریفنگ دینے کا سلسلہ جاری رکھا تھا جس کی وجہ سے کیڈٹ کالج اوکاڑہ ایک وقت میں دانش سکول میں تبدیل ہونے سے محفوظ رہا اور اوکاڑہ میں کیڈٹ کالج باقاعدہ فعال ہوگیا تھا، سانچ کے قارئین کرام! راقم الحروف سالانہ سپورٹس کے مقابلہ جات کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی مقررہ وقت پر کالج پہنچا تو فٹ بال گراؤنڈ کے گیٹ پر پرنسپل پروفیسر عامر رؤف، وائس پرنسپل لیاقت علی، پبلک ریلیشن آفیسر نجیب الحق تابش کو اپنا منتظر پایا، انتہائی پرتپاک انداز میں اساتذہ اور طلبہ نے استقبال کیا جس کو ہمیشہ اپنی زندگی میں یاد رکھوں گا، پرنسپل عامر رؤف نے راقم الحروف (محمد مظہر رشید چودھری) کو بتایا کہ چھ روز سے جاری سالانہ سپورٹس انٹر ہاؤس مقابلہ جات میں طلبہ نے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے، آخری دن رسہ کشی کے مقابلے منعقد کیے جا رہے ہیں۔

جس کے بعد تقسیم انعامات کی تقریب میں کامیاب طلبہ (کھلاڑیوں) کو میڈل اور مجموعی طور پر بہتر کارکردگی دیکھانے والے ہاؤس کو ٹرافی جبکہ رنر اپ کو بھی ٹرافی دی جائے گی، انہوں نے مزید بتایا کہ چھ روزہ مقابلہ جات میں ہر روز مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات کو مدعو کیا گیا تاکہ طالب علموں کو مختلف شعبوں میں مہارت رکھنے والے سے آگہی ملے اور وہ سمجھ سکیں کہ صرف ڈاکٹر یا انجینئر بن کر ہی ملک وقوم کی خدمت اور اپنا نام روشن نہیں کیا جاسکتا بلکہ دیگر شعبے جن میں سول سروسز، وکلاء، کھلاڑی، صحافی، استاد بھی اپنی محنت اور جذبہ سے اپنا ایک الگ مقام پاسکتے ہیں، پرنسپل نے مزید بتایا کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کی سیکرٹری رابعہ اختر، طاہر شریف گجر (ڈپٹی سیکریٹری پنجاب ہاکی فیڈریشن اور سیکریٹری انجمن تاجران اوکاڑہ)، اسلم بلوچ (صدر ڈسٹرکٹ ہاکی فیڈریشن اوکاڑہ) نے مختلف دنوں میں طلبہ کے مقابلہ جات دیکھے ہیں، سانچ کے قارئین کرام! چھ روزہ کھیلوں کے مقابلہ جات میں کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، والی بال، باسکٹ بال، اتھلیٹکس میں طلبہ نے بھرپور حصہ لیا، پرنسپل پروفیسر عامر رؤف، وائس پرنسپل پروفیسر لیاقت علی نے اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی راقم الحروف (جرنلسٹ / صدر سماجی تنظیم 'ماڈا' محمد مظہر رشید چودھری) کا تعارف سپورٹس ایڈجوٹینٹ کیپٹن عزیز، سپورٹس آفیسر صدام حسین، پبلک ریلیشن آفیسر نجیب الحق تابش سمیت اساتذہ سے کروایا، کیڈٹ کالج اوکاڑہ میں تین خواتین سمیت سینتیس اساتذہ پانچ سو بیس سے زائد کیڈٹس کو زیور تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں، انٹر ہاؤس کرکٹ چیمپئن شپ، فٹ بال اور اتھلیٹکس میں سکندر ہاؤس نے کامیابی حاصل کی جبکہ باسکٹ بال اقبال ہاؤس، ہاکی جوہر ہاؤس اور والی بال میں جناح ہاؤس نے جیت اپنے نام کی، تقسیم انعامات کی رنگا رنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی راقم الحروف (محمد مظہر رشید چودھری) نے کہا کہ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے مقابلہ جات طلبہ کے لیے انتہائی ضروری ہیں، کھیلوں سے ٹیم ورک اور سپورٹس مین اسپرٹ جیسی اہم زندگی کی مہارتیں سیکھنے کا موقع ملتا ہے، پرنسپل پروفیسر عامر رؤف نے اس موقع پر کہا کہ کیڈٹ کالج اوکاڑہ میں ہر سال کھیلوں کے مقابلے منعقد کرواتے ہیں تاکہ طلبہ میں کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے اُنکی صلاحیتوں کو پرکھنے کا موقع ملے، تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جاتا جو کہ طلبہ کی شخصیت کی نشوونما کے لیے اہم ہے، بعد ازاں مہمان خصوصی نے پرنسپل پروفیسر عامر رؤف کے ہمراہ سپورٹس مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو گولڈ، سلور اور براؤن میڈلز پہنائے جبکہ سکندر ہاؤس کو شاندار کارکردگی پر ٹرافی دی گئی۔

سودکا بے برکتی نظام

حکیم سید محمود احمد سہارنپوری

مصیبت اور پریشانی میں کسی مجبور انسان کو مشروط قرض دینا اور پھر اس قرض کے بدلے ماہانہ بنیاد پر کچھ مخصوص رقم کو بطور جرمانہ (ٹیکس) وصولی کرتے رہنا سود کہلاتا ہے۔ بعض اوقات قسط وار سود کی صورت میں اصل قرض سے زیادہ رقم ادا کردی جاتی ہے لیکن قرض جوں کا توں رہتا ہے، یوں قرض اور سود کے چکر میں پھنسا شخص دن رات پریشانی اور رنج کا شکار ہوکر بستر سے لگ جاتا ہے۔ یقیناً قرض اور سود نے کئی خاندان اجاڑ دیئے۔ سودی کھیل نے نسلوں کو برباد کردیا۔ ہمارے دین نے اسی لیے سود کی صورت میں ملنے والے قرض سے بچنے کی تلقین کی ہے۔ اکابرین نے سودی کاروبار کو آگ سے تشبیہ دی ہے جس طرح آگ قریبی بیٹھنے والوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے بالکل اسی طرح سود کی آگ اس کاروبار میں ملوث افراد کو جلا کر بھسم کردیتی ہے۔ قرآن کریم نے سود کو اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ قرار دیا۔ رسول اکرمؐ نے خطبہ الوداع کے موقع پر جہاں تکمیل دین کی خوشخبری سنائی وہاں سود کی ممانعت کی بابت بھی مسلمانوں کو خبردار کیا۔ سود کا کاروبار کرنے والوں کو سخت وعید سنائی گئی۔ سود اور سودی نظام نے معاشرتی اور عوامی زندگی کے ساتھ خاندانی سسٹم پر بھی کاری ضرب لگائی۔ 80 کی دہائی سے بڑے بڑے معیشت دان سودی نظام کی ترجمانی کرتے نظر آئے۔ ان کا خیال تھا کہ اگر ہم نے سودی نظام سے جان چھڑائی تو ہمارا سارا کا سارا بنکنگ سسٹم زمین بوس ہوجائے گا۔ ان غیر ضروری خطرات اور غیر شرعی اقدامات نے قوم کو اندھیرے میں رکھا ہے! ہم یہاں ڈاکٹر اسرار احمد اور ڈاکٹر مظہر گیلانی کی ان کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے قوم کی ترجمانی کرتے ہوئے سود سے متعلق حقائق آشکار کیے وہ کہتے ہیں (جاری ہے)

دماغی امراض سے دوچار افراد کی حالتِ زار

مظہر نواز نوتاری

گزشتہ دنوں پاکستان سمیت پوری دنیا میں دماغی امراض کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد معاشرے میں یہ شعور اجاگر کرنا تھا کہ ذہنی امراض میں مبتلا لوگ ہماری خصوصی توجہ اور شفقت کے مستحق ہیں اور ان کی بحالی کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا یہ شعور اجاگر کرنا حکومت کا کام ہے اور ان امراض میں مبتلا افراد کو علاج کے لیے مفت اور بہترین سہولیات کی فراہمی بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ حکومت کے بعد معاشرے کی بھی ذمہ داری ہے کہ ان افراد کی بحالی میں اپنا کردار ادا کرے مگر یہ انتہائی تلخ حقیقت ہے کہ نہ تو حکومت نے اپنی ذمہ داریاں پوری کیں اور نہ ہی معاشرے نے پاکستان میں 80% دماغی امراض میں مبتلا افراد کے لیے علاج معالجے کی سہولت ہی میسر نہ ہے اب ہم اچھی طرح اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پاکستان میں ان افراد کا کیا حال ہے حالانکہ دماغی امراض دوسری امراض کی طرح قابل علاج ہیں جس طرح شوگر، بلڈ پریشر وغیرہ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ شوگر اور بلڈ پریشر کا مریض اگر اپنی دوائی کھائے گا تو وہ ٹھیک رہے گا لیکن باقاعدگی سے دوائی نہ کھانے کی صورت میں مریض کو ہارٹ اٹیک فالج یا اس کے دماغ کی شریان پھٹ سکتی ہے یہی مثال دماغی امراض میں مبتلا افراد کی بھی ہے کہ جب ڈپریشن کے مریض کو دوائی نہیں ملے گی تو وہ خودکشی کا ارتقاب بھی کرسکتا ہے۔ یہ میرا چیلنج ہے کہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کا کوئی سائیکاٹرسٹ یہ کہہ دے کہ ڈپریشن عذاب نہیں ہے تو مجھے اٹنا لنکا دیا جائے ڈپریشن کا واحد سہارا اس کی ادویات ہوتی ہیں مگر جب اس کی ادوایات کو بند کردیا جائے گا تو پھر مریض کے پاس واحد آپشن خودکشی ہوگا آج حالت یہ ہے کہ ڈپریشن کی ادویات یا تو مل ہی نہیں رہیں یا پھر شارٹ ہیں نیورولیپٹ SR مکمل طور پر بند ہوچکی ہے اور اڈی پام جو ATدون اور اوور کے نام سے آتیں ہیں کہیں سے نہیں مل رہیں یہی حال دوسری دماغی امراض شیزوفرینیا اور ہسٹیریا وغیرہ میں دی جانے والی ادویات کا ہے آپ اندازہ کریں کہ میں جس گاؤں سے تعلق رکھتا ہوں وہاں ڈپریشن میں مبتلا تین افراد خودکشی کرچکے ہیں اور سینکڑوں دوسری ذہنی امراض میں مبتلا ہیں ایک گاؤں کی یہ حالت ہے تو پھر پورے پاکستان کا کیا حال ہوگا سیّد یوسف رضا گیلانی جب وہ وزیراعظم پاکستان تھے تو انہوں نے ایک دفعہ یہ کہا تھا کہ دماغی امراض میں مبتلا افراد ہماری خصوصی توجہ اور شفقت کے مستحق ہیں اور ان کے لیے قانون سازی ہونی چاہیے کاش سید یوسف رضا گیلانی صاحب یہ بھی بتادیتے کہ قانون سازی کے راستے میں کیا رکاوٹ حائل تھی یہ تو دماغی امراض میں مبتلا افراد کا مذاق اڑانے والی بات تھی کہ ملک کا وزیراعظم قانون سازی کا تو کہہ رہا ہے لیکن قائد ایوان ہونے کے باوجود قانون سازی نہیں کرتا دوسری بھی کسی سیاسی جماعت نے دماغی امراض میں مبتلا افراد کے لیے کچھ نہیں کیا۔

آج جو دماغی امراض کی ادویات نہیں مل رہیں یا ان کو ختم کردیا گیا ہے اور جو دماغی مریض یہ دوائیاں استعمال کرتے تھے کوئی دماغی مریض اب جس کو یہ دوائی نہیں مل رہی اور وہ اپنے مرض سے تنگ آکر خودکشی کرلے تو اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ میری جناب چیف جسٹس آف پاکستان، وزیر اعظم پاکستان اور چاروں صوبائی وزرائے اعلیٰ سے یہ اپیل ہے کہ ان ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے دوسری صورت میں ان امراض میں مبتلا افراد اجتماعی خودکشیوں کا سلسلہ شروع کر دیں گے میں ایک بار پھر ان افراد سے یہ اپیل کرونگا کہ دماغی امراض میں مبتلا افراد دوائی نہ ملنے کی صورت میں خودکشی جیسے فعل کا ارتقاب کر سکتے ہیں یہ کسی سائیکاٹرسٹ سے پوچھیں اگر اس کا اس کا جواب ہاں میں ہو تو میری حکومت پاکستان سے یہ اپیل ہے کہ یہ لوگ جو پہلے ہی زندہ درگور ہیں ان پر رحم کریں ان کی بند میڈیسن کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور مینٹل ہیلتھ آرڈیننس 2001 پر عمل درآمد کرتے ہوئے ہر DHQ اور THQ ہسپتال میں ایک ایک سائیکاٹرسٹ اور سائی کالوجسٹ کا بندوبست کیا جائے اور ان امراض میں مبتلا افراد کو علاج معالجہ مفت فراہم کیا جائے۔

سول امور میں فوجی مداخلت

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

آج کل پاکستان میں سلگتا ہوا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان کا اگلا آرمی چیف کون ہوگا۔ میڈیا کی تمام اقسام (الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل) میں پے بہ پے اس بحث کی جگالیاں ہو رہی ہیں۔ طرح طرح کی نکتہ طرازیاں کی جارہی ہیں۔ 9 اور 10 اپریل کی شب رجیم چینج کا جو غلغلہ بلند ہوا، اس کی لو تھمنے کا نام نہیں لیتی۔ دنیا کے دوسرے جمہوری ممالک میں کبھی ایسا نہیں ہوا۔ وہ لوگ فوج اور سیاسیات کے انٹراکشن کی باریکیوں کو سمجھتے ہیں۔ جہاں سیاستدانوں کو پیچھے ہٹنا چاہیے، وہ ہٹ جاتے ہیں اور جہاں فوج کو خاموش ہونا چاہیے وہ خاموش ہو جاتی ہے لیکن ہمارے ہاں یہ دستور رواج نہیں پاسکا۔ اسی کشمکش کی کوکھ سے تصادم کی راہیں نکلتی ہیں اور ان کی منزل بالآخر زوال قوم و ملک پر جا کر منتج ہوتی ہے۔ پاکستان نے گزشتہ 75 برسوں میں بار بار اس منظر کا نظارا کیا ہے اور اس کا انجام بھی دیکھا ہے لیکن اس کے باوجود ہم سیاسی اور فوجی معاملات کے تناظر میں بلوغت کی منزل تک نہیں پہنچ سکے۔

جنرل کے ایم عارف مرحوم نے اپنے ایک مضمون میں ان ناچاقیوں کا پردہ چاک کیا ہے۔ وہ چار ستاروں والے جنرل بنے لیکن جنرل ضیاء الحق نے انہیں وائس چیف آف آرمی سٹاف بنا کر فوج کی عنانِ اختیار ان کو سونپ دی اور خود غیر فوجی معاملات کی گتھیوں کو سلجھانے میں لگ گئے۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ فوج جب تک سویلین اقتدار کے ماتحت ہو کر کام کرتی رہی تو روزمرہ کے حکومتی، انتظامی اور ادارتی فرائض کی انجام دہی میں کوئی دقت پیش نہ آئی۔ اس کا مطلب یہ بھی تھا کہ جنرل ضیاء الحق بطور صدر پاکستان، سویلین امور بھی چلاتے رہے اور بطور چیف آف آرمی سٹاف فوجی امور کی نگرانی (Oversight) بھی کرتے رہے۔ ان کی نظر میں کاروبارِ حکومت چلانے کے لئے جہاں ملک کے سویلین صدر کی شیروانی ضروری تھی وہاں فوجی وردی کی موجودگی بھی از بس لازم تھی..... یہ ایک نیا تجربہ تھا..... چیف آف آرمی سٹاف (COAS) اور وائس چیف آف آرمی (VCOAS) کی وردیوں میں گو چار ستارے موجود تھے لیکن COAS کے ستارے کے ساتھ ایک پانچواں ستارہ بھی تھا جو اگرچہ نظر نہیں آتا تھا لیکن اس کی موجودگی ظاہر و باہر تھی۔ اقتدارِ اعلیٰ کے نظر نہ آنے کی روائت آج تک چل رہی ہے۔ جنرل ضیاء نے جنرل عارف کو VCOAS مقرر کرتے ہوئے کہا تھا کہ فوج کے روزمرہ کے تمام امور پر آپ کا وہی کنٹرول ہوگا جو COAS کا ہوتا ہے لیکن کبھی اگر سٹریٹجک سطح پر کوئی ایسا مقام آجائے کہ اس کے حل کے لئے VCOAS کو کسی مشورے کی ضرورت پیش آئے تو مجھ سے مشورہ کرلیا جائے۔ اس کا مطلب یہ بھی تھا کہ آرمی چیف کو حقیقی آرمی چیف (De-facto COAS) ہونے کے باوجود بھی کسی ایسے مشورے کی ضرورت پڑ جاتی ہے جو اس کو ہمہ اختیار ہونے کے باوصف اپنے کسی سپیریئر کی طرف دیکھنے پر مجبور کرتی ہے اور وہ سپیریئر، سپریم کمانڈر کہلاتا ہے۔ پاکستان کے آئین میں ملک کا صدر مسلح افواج کا سپریم کمانڈر تو ہوتا ہے لیکن بے بس اور بے اختیار ہوتا ہے۔ اختیار کے لے ہم نے اپنے آئین میں "وردی پوش" ہی کو ڈی فیکٹو سپریم کمانڈر بنایا ہوا ہے اور سویلین صدر محض ڈی جیورو سپریم کمانڈر بن کر رہ گئے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ہم نے "سپریم کمانڈر" کی اصطلاح کو غلط آئینی معانی پہنا رکھے ہیں..... وہ سپریم کمانڈری کس کام کی جس میں کمانڈ کا اختیار، اس کے 'انڈر کمانڈ' کے پاس ہو۔ ہم نے اپنے کمانڈ سٹرکچر میں ایک اور بیچ بھی لگائی ہوئی ہے یعنی سویلین سپریم کمانڈر اور چیف آف سروس سٹاف (آرمی، نیوی، ائرفورس) کے درمیان ایک اور عہدہ بھی قائم کر رکھا ہے جسے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی (CJCSC) کہا جاتا ہے۔ یہ عہدہ فوج کی تینوں سروسوں میں کمانڈ کے علاوہ (اگر ضرورت ہو) تو باقی امور میں اشتراک کار کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ پاکستان کی افواج میں یہ دونوں عہدے 29 نومبر (2022ء) کو خالی ہو رہے ہیں۔ بلحاظ عہدہ چیئرمین جوائنٹ چیفس، چیف آف آرمی سٹاف (اور باقی دونوں سروسز چیفس) سے بھی سینئر ہے لیکن یہ سنیارٹی اسے اس اختیار کا حامل نہیں بناتی جو سروسز چیفس کو حاصل ہے۔ میرا مطلب ٹروپس کی کمانڈ سے ہے • اس عہدے کے نام میں تو "کمانڈ" شامل نہیں اس لئے اس کو گوارا کرلیا جاتا ہے لیکن سویلین سپریم کمانڈر کا عہدہ، کمانڈ کا نام شامل ہونے کے باوصف بھی صرف "کاغذی اختیار" کا حامل بن کے رہ جاتا ہے۔ اس مخمصے کا بھی کوئی نہ کوئی حل نکالنا چاہیے۔ اگر "سپریم کمانڈر" کو "سویلین سپریم کمانڈر" کا نام دے دیا جائے تو میرے خیال میں زیادہ بہتر ہوگا۔ ایک اور کم سلگتا ہوا مسئلہ آرمی چیف (یا کسی بھی سروس چیف) کی مدت ملازمت میں توسیع کا مسئلہ ہے..... جمہوری ممالک کی روائت ہے کہ جب کسی سروس چیف کی مقرر شدہ مدت ملازمت ختم ہوتی ہے تو سینئر ملٹری کمانڈر، عنان اقتدار نئے جانشین کے حوالے (جاری ہے)

ملکی استحکام کی ضامن: میرٹ کی بالادستی

حافظ شفیق الرحمان

آئین کا بنیادی تقاضا میرٹ کی حکمرانی ہے۔ اہلیت کی بنیاد پر ہی تمام ریاستی اداروں میں اہم عہدوں پر فائز شخصیات کو اعلیٰ درجہ میں ترقی ملنا چاہیے۔ یہ اصولی بات ہے کہ کلیدی عہدوں پر فائز شخصیات جب اپنی مدت ملازمت پوری کر لیں تو ان کو ریٹائرمنٹ کی سہولیات سے بہرہ ور ہونے ہی کو اپنی اولین ترجیح بنانا چاہیے۔ میرٹ کی بالادستی کو اگر نصب العین بنالیا جائے اور ذاتی پسند و ناپسند کی روش کو بالائے طاق رکھ دیا جائے تو اس سے نظم حکومت و اقتدار کو توانائی ملتی ہے۔ اصل ضرورت تمام محکموں میں ترقی کے لیے میرٹ کو معیار بنانے کی ہے۔ اگر کوئی حکومت میرٹ کی بالادستی کو اپنا نصب العین بنالے تو ایسی حکومت کا ہر اقدام از خود ملکی سلامتی، داخلی امن و امان اور عوامی خوشحالی و بہبود کا ضامن بن کر ملک کو ترقی یافتہ ملکوں کی صف میں ایستادہ کرنے کیلئے مہمیز کا کام دے گا۔ حکومت خواہ کسی کی بھی ہو وہ آنے والے دنوں میں ملک بھر میں قیام امن و امان، نفاذ قانون اور اپنی حکومتی رٹ قائم کرنے میں کامیاب رہے گی۔ یہ تو طے ہے کہ قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کے ثمرات ہمیشہ مثبت شکل میں سامنے آتے ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ جب کسی معاشرے کے اہم اور ذمہ دار ادارے بھی میرٹ کی سرفرازی کے حوالے سے دوعملی کے ارتکاب میں کسی قسم کا تامل محسوس نہ کریں تو ہر جگہ میرٹ کی پامالی کا مذموم عمل بدترین انتہاؤں کو چھونے لگتا ہے۔ جہاں تک میرٹ کی حکمرانی قائم کرنے کے دعوے کا تعلق ہے تو پاکستان کے شہری گزشتہ 75 برسوں سے یہ خوشخبری ہر منتخب اور غیر منتخب حکمرانوں سے سنتے آرہے ہیں۔ وہ دعوے جو محض آرائش بیاں اور زیبِ گفتار کیلئے ہونٹوں پر رہیں اور عمل کی قوت اور رسوخ و نفوذ سے محروم ہوں، کبھی عوام کے مسائل کا حل اور درد کا درماں نہیں بنا کرتے۔ دریں چہ شک کہ وطن عزیز میں جوہر قابل اور وسائل کی کمی نہیں۔ ضرورت صرف اور صرف شفافیت اور میرٹ کی بالادستی کو قائم کرنے کی ہے۔ اگر شفافیت اور میرٹ ایسی اعلیٰ قدروں پر عمل پیرا ہونے کی روش کو ارباب حکومت اپنا شیوہ و شعار بنالیں تو کوئی وجہ نہیں کہ مستقبل کی تاریخ میں ان کا نام زریں حروف سے نہ لکھا جائے۔ اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے کہ عوام کو انصاف دینے کیلئے میرٹ پر عمل درآمد بس ضروری ہے۔ کون نہیں جانتا کہ جمہوریت کا پودا اختلاف کے پانی ہی سے نشوونما پاتا اور پروان چڑھتا ہے۔ جمہوریت میں اختلاف ایک فطری امر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی امت کے اختلاف کو رحمت قرار دیا لیکن یہ امر پیش نظر رہے کہ جب اختلاف تصادم کی شکل میں ڈھلنے لگے تو یہ ملک وقوم کیلئے رحمت نہیں زحمت بن جاتا ہے۔ صائب الرائے سیاسی مبصرین کی اس رائے

شال بقیہ 1

لئے مقدم اور مقدس ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز سریاب پیپلز ہال لنک ہادی روڈ کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقدہ ضلعی ورکر کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ورکر کنونشن کی صدارت پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری نے کی جس میں پارٹی کے مرکزی کابینہ، اراکین سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی، ضلعی کابینہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے مرد اور خواتین یونٹوں سے تعلق رکھنے والے یونٹ سیکرٹریز، ڈپٹی سیکرٹریز، ضلعی کونسلران اور پارٹی کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کنونشن میں کوئٹہ میں پارٹی کے مجموعی تنظیمی امور سیاسی صورتحال اور دیگر مسائل پر سیر حاصل بحث کے ایجنڈے پر کارکنان اور عہدیداران نے طویل ترین بحث و مباحثے میں حصہ لیا اور پارٹی کو کوئٹہ میں مزید فعال و متحرک بنانے کے لئے اپنی تجاویز پیش اور پارٹی کو فعال اور مضبوط بنانے کے لئے اہم فیصلے کئے گئے۔ ورکر کنونشن نے پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری و صوبائی پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، مرکزی فنانس سیکرٹری ایم پی اے اختر حسین لانگو، مرکزی خواتین سیکرٹری ایم پی اے شکیلہ نوید احمد دہوار، مرکزی انسانی حقوق سیکرٹری ایم پی اے احمد نواز بلوچ، ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی اور ضلعی انفارمیشن سیکرٹری نسیم جاوید ہزارہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج پارٹی کو جو ملکی سطح اور سیاسی حلقوں میں پزیرائی اور عوامی تائید و حمایت حاصل ہو رہی ہے اسکی بنیادی وجہ ہمارا وہ اصولی موقف ہے کہ ہم نے ہر سطح پر ڈنکے کی چوٹ پر بلوچستان کے گھمبیر سیاسی انسانی حقوق کے مسائل کو اجاگر کرنے یہاں کے سائل وساحل حقیقی حق حکمرانی واک واختیار لاپتہ افراد کی بازیابی اور دیگر جملہ قومی مسائل کو اپنے جدوجہد کا اولین حدف سمجھتے ہوئے قومی جمہوری جدوجہد کو آگے بڑھانے میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ الیکشن کے دوران ہم نے جو وعدہ و حید کیا تھا کے کامیابی کی صورت میں بلوچستان کے نظر انداز کے گئے مسائل کو ارباب اختیار اور حکمرانوں کے سامنے رکھ کر انہیں حل کرنے پر زور دیں گے یہی وجہ ہے کہ آج حکمران اور ملکی سطح کے وفاقی اور جمہوری پارٹیاں انکے اقابرین بی این پی کے سیاسی موقف کو وزن دار اور حقائق پر مبنی سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل کے لاپتہ افراد کی بازیابی اور بلوچستان کے قومی سیاست پر مضبوط گرفت اصولی موقف اور نظریاتی جدوجہد کو پیش نظر رکھتے ہوئے انہیں کمیشن کا سربراہ مقرر کیا تاکہ وہ بلوچستان سے لاپتہ ہونے والے افراد کی بازیابی اور ملک کے مختلف جامعات میں زیر تعلیم بلوچ طلباء کو درپیش مسائل اور مشکلات کا جائزہ لیکر مسائل کے حل کرنے کے لئے جامع رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی این پی کے کارکنوں کے لئے یہ اعزاز کا مقام ہے کہ آج لاپتہ افراد کی بازیابی اور بلوچستان کے دیگر گھمبیر سیاسی سماجی معاشی اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے کے لئے ملک کے مختلف اسٹیک ہولڈرز بی این پی کے بیانیہ اور اصولی سیاست، بلوچستانی عوام کے حقیقی آواز احساسات اور جزبات کی عکاسی کرنے کی ترجمانی کرنے والی نمائندہ سیاسی جماعت سمجھتے ہیں، کارکنان پارٹی کو مضبوط، منظم اور فعال بنانے کے لئے اپنے تمام تر توانائیاں، تنظیمی طور پر پارٹی کو متحرک رکھنے اور سائنٹیفک بنیادوں اور جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے آنے والے چیلنجز اور سازشوں کے خلاف صف بندی کے لئے پارٹی کے تنظیمی اداروں کو مضبوط بنا کر کارکنوں کی سیاسی شعوری اور فکری و علمی بنیادوں کی تربیت پر زیادہ سے زیادہ توجہ دیں کیونکہ ایک منظم سیاسی پارٹی کے لئے ضروری ہے کہ انکے ادارے عصر حاضر کے تمام لوازمات اور ضروریات کے عین مطابق ہوں اور انکے کارکنان شعوری سوچ و فکر سے لیس ہر قسم کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہوں۔

شال بقیہ 2

کے ازالے کے لیے فنڈ قائم کرنے کی منظوری دے دی گئی تاکہ موحولیاتی آفات کا شکار پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کو پہنچنے والی تباہی کی تلافی کی جاسکے تاہم اس کانفرنس میں فنڈ کے بارے میں بہت سے متنازع امور کا فیصلہ آئندہ برس پر چھوڑ دیا جب ایک عبوری کمیٹی نومبر 2023 میں کوپ 28 موسمیاتی سربراہی اجلاس میں سفارشات پیش کرے گی۔ کانفرنس میں تاحال فیصلہ نہیں ہوا کہ رقم کون ادا کرے گا اس لیے اگلے برس ہونے والے اجلاس میں فنڈ کو وسیع پیمانے پر پھیلانے اور رقم ادا کرنے کے حوالے سے سفارشات مرتب کی جائیں گی۔ 2 ہفتے تک جاری رہنے والی اس کانفرنس میں پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کی جانب سے ترقی یافتہ اور آلودگی کا زیادہ سبب بننے والے ممالک سے پرزور مطالبہ کیا گیا کہ انہیں پہنچنے والے نقصانات کی تلافی کی جائے، گزشتہ روز ماحولیاتی کانفرنس کے دورانیے میں ایک دن کی توسیع بھی کی گئی۔ کوپ 27 کانفرنس میں ماحولیاتی آفات کا شکار ممالک کی مدد کیلئے بنائے گئے معاہدے کی دستاویزات کو کانفرنس میں موجود تقریباً 200 ممالک کی توثیق درکار ہے۔ مسودے میں بھارت اور دیگر ممالک کی جانب سے تمام قسم کے فوسل فیول کا استعمال کم کرنے کے مطالبے کے بجائے گزشتہ برس کی طرح صرف کوئلے کے استعمال میں کمی کا ذکر شامل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمٰن کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کے موسمیاتی سربراہی اجلاس میں غریب ممالک کے نقصانات کے ازالے کیلئے فنڈ قائم کرنے پر اتفاق موسمیاتی انصاف کے ہدف کی جانب پہلا قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ جمہوری کمیٹی پر منحصر ہے کہ وہ اس اقدام کو ترقی کی جانب آگے بڑھائے، اس مقصد کیلئے شیری رحمٰن اور ان کی ٹیم کے تعاون اور محنت قابل تعریف ہے۔ وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمٰن نے کانفرنس میں فنڈ قائم کرنے کے فیصلے کے بعد ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ 134 ممالک کے لیے فنڈ قائم ہونے میں 30 برس لگے۔ شیری رحمٰن نے کوپ 27 کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ کوپ 27 میں ہونے والی پیش رفت ماحولیاتی آفات سے نمٹنے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنڈ قائم کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے تو اب پاکستان فنڈ کے فعال ہونے کا منتظر ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ یہ اعلان ایسے ممالک کو امید فراہم کرتا ہے جو موسمیاتی آفات اور اثرات کی کئی برسوں سے جنگ لڑ رہے ہیں۔ شیری رحمٰن نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا بھی شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 3

سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ کر لاشیں تحویل میں لے لیں۔ ضابطے کی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے بعد لاشوں کو ورثاء کے حوالے کیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہیں، ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے گئے۔

شال بقیہ 4

جانے والا ہر مثبت قدم ہماری نسل کی جانب سے اپنے بچوں کے بچوں کیلئے پیار اور شفقت کے پیغام کا حصہ ہوگا، وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کو داخلی و خارجی محاذ پر متعدد مشکلات کا سامنا ضرور ہے۔ لیکن اس کے باوجود ہماری اولین ترجیح ہمارے بچوں کا مستقبل ہونا چاہئے، کیونکہ پاکستان ان ہی سے منسلک ہے۔ ہمارے بچوں کو ابھی اپنی پوری زندگی گذارنی ہے، جب کہ ہم اپنی زندگی کے تھوڑا یا بہت سا حصہ گزار چکے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری اس وقت پولیو کے تقریباً ایک چوتھائی کیسز محض پاکستان سے رپورٹ ہو رہے تھے۔ جب شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے بطور وزیر اعظم اپنے دوسرے دور حکومت میں انسداد پولیو قطرے پلانے کا آغاز کیا تھا۔ آج ہم پولیو سے پاک ملک بننے کے قریب ہیں۔ اسے ہی وژنری لیڈرشپ کہا جاتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ازچہ و بچہ کی صحت کی دیکھ بھال کے لیے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے متعارف کردہ یادگار منصوبوں کو ہمیشہ سراہا جاتا رہے گا۔ ان منصوبوں کو خاص طور پر پاکستانی مائیں ضرور سراہتی رہیں گی۔ بچوں، خواتین اور معاشرے کے دیگر غیر محفوظ طبقوں کے لیے قانون سازی کے حوالے سے سندھ سب سے آگے ہے۔ بلاول بھٹو زرداری دیگر صوبوں کو بھی سندھ کے اقدامات کی پیروی کرنی چاہیے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ مساوات اور یکساں مواقع ہر بچے کا ناقابل تردید حقوق ہیں۔ ہمیں یقینی بنانا ہوگا کہ ہر بچے کو تعلیم اور صحت کی بہتر سہولیات تک رسائی حاصل ہو۔ سیلاب سے متاثر ہونے والے بچوں پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ گزشتہ مہینوں میں سیلاب اور شدید بارشوں سے متاثر ہونے والے 33 ملین افراد میں سے ایک تہائی بچے ہیں۔ موسمیاتی تباہی کے نتیجے میں تقریباً 19,000 اسکولوں کو نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے عالمی فورمز پر موسمیاتی انصاف کی افادیت پر زور دیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کیونکہ یہ پاکستان ہی ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، ہم مستقبل میں موسمیاتی آفات کا شکار پوری دنیا کے مقدمے کو لڑ رہے ہیں۔ پی پی پی مستقبل میں بھی ترجیحی بنیادوں پر بچوں کی بہتری و بہبود کے منصوبوں اور اسکیموں کو جاری رکھے گی۔

شال بقیہ 5

کو وضائف دیے جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بچیوں پر زیادہ توجہ ہے تاکہ غریب والدین ان کی تعلیم میں کوئی کسر نہ چھوڑیں، حالیہ سیلاب میں لاکھوں بے گھر ہونے والے بچوں کو بھی یاد رکھنا ہے۔ وفاقی وزیر سیلاب متاثرہ بچے ہماری مدد کے منتظر ہیں آئیں مل کر ان مصیبت زدہ بچوں کی مدد کریں۔ شازیہ مری نے کہا کہ آج کے دن ہم بچوں کی فلاح و بہبود کے لئے مل کر کام کرنے کا عزم کرتے ہیں۔

شال بقیہ 6

طور پر منایا گیا اور 1959 میں آج کے دن اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے بچوں کے حقوق کا اعلامیہ منظور کیا تھا۔ صدر مملکت نے کہا کہ رواں سال عالمی یوم اطفال 2022 کا بہت موزوں موضوع "ہر بچے کے لئے سہولیت" منتخب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "موسمیاتی تبدیلی، تعلیم اور دماغی صحت سے لے کر نسل پرستی اور امتیازی سلوک کے خاتمہ کے حوالہ سے بچے اور نوجوان ان مسائل پر آواز بلند کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا نوجوان نسل کے لئے یہ بہت اہم ہیں اور وہ بزرگوں سے اپنے لئے ایک بہتر مستقبل کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ صدر مملکت نے مزید کہا کہ آج کے دن پاکستان بھی پوری دنیا کی طرح بچوں کے حقوق کی وکالت، فروغ اور ان کے حقوق کے تحفظ کا عہد کرتا ہے۔ پاکستان بچوں کے حقوق کے حوالہ سے مکالمہ اور اقدامات سے بچوں کے لئے ایک بہتر دنیا کی تعمیر کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے اقوام متحدہ کے کنونشن آن دی رائٹس آف چلڈرن (آئی سی آر سی) کے دستخط کنندہ کے طور پر اپنے عزم کا اعادہ کرنے کے لئے یوم اطفال منایا۔ صدر مملکت نے بچوں کے تحفظ کے لئے تمام قومی، علاقائی اور بین الاقوامی فورمز پر مخلصانہ کوششیں کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بچوں کو کسی بھی حیثیت میں ذات، نسل یا مذہب کی تفریق کے بغیر ترقی اور شرکت کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کو دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان زندگی کے ہر شعبہ میں اپنے بچوں کو ہر قسم کے استحصال سے بچانے، پسماندگی کے خاتمہ اور ان کی بہتر تعلیم اور صحت، صاف ستھرے اور سرسبز ماحول، بچوں کی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے مواقع فراہم کرنے اور بہترین ماحول فراہم کرنے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔

شال بقیہ 7

سنبھالنے کے بعد 7 ارب ڈالر مالیت کے افغان اثاثوں کو اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ افغانستان سے معاملات کے لیے عملی حکمت عملی کی تجویز دیتے ہوئے منیر اکرم نے کہا کہ عالمی برادری کی پہلی ترجیح افغانستان میں انسانی بحران کا خاتمہ ہونا چاہیے۔ منیر اکرم نے کہا کہ افغانستان میں قیام امن پاکستان کے لیے اہم ترین مسئلہ ہے، پاکستان 40 برس سے زائد عرصے سے 30 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کی میزبانی کر چکا ہے۔ منیر اکرم نے امریکا کی جانب سے افغانستان کے اثاثے منجمد کرنے کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "ہم ان وسائل کو روکنے کے حق میں تمام قانونی دلائل جانتے ہیں لیکن آپ کو بہرحال افغان معیشت کی تعمیر نو کے لیے ایک روڈ میپ تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم تعاون اسلامی (او آئی سی) بھی اس حوالے سے ممتاز حکمت عملی مرتب کرنے پر غور کر رہی ہے کہ بیرون ملک رکھے گئے افغان اثاثوں کو واپس افغانستان کے اقتصادی انتظام میں شامل کیسے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر انسانی بحران ختم نہ ہوا تو مہاجرین کا ایک اور دباؤ آئیگا جس کا بوجھ افغانستان کے پڑوسی ممالک کو اٹھانا پڑے گا، لہٰذا ہمیں انسانی بحران سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی پر بھی تشویش ہے، ہم اب بھی کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی جانب سے سرحد پار حملوں کا شکار ہیں جنہیں دیگر ذرائع سے معاونت ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصل خطرہ داعش اور ٹی ٹی پی سے ہے، مشترکہ ثقافت اور تاریخ کے ساتھ افغانستان کے ایک قریبی پڑوسی ملک ہونے کے باوجود ہمیں اب بھی ان سے نمٹنے میں دشواری کا سامنا ہے کیونکہ اس کے علاوہ چند دیگر عوامل بھی ہیں اور ہم جانتے ہیں کہ وہ کیا ہیں۔ منیر اکرم نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں خواتین کے حقوق اور تمام فریقین کی شمولیت پر مبنی حکومت کی تشکیل سے متعلق خدشات پر عالمی برادری کے ساتھ ہے لیکن افغان معاشرے کی حقیقت کو بھی دیکھنا ہوگا کہ افغانستان کیا ہے۔

شال بقیہ 8

انتخابات کے علاوہ ملکی مسائل کا کوئی حل نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صدر عارف علوی کے ذریعے مجھے پیغامات بھجوائے گئے ہیں، میرا ایک ہی مطالبہ ہے الیکشن کی تاریخ دیں، اسکے بعد ساری بات چیت ہوگی، عوام کی طاقت سے مقابلہ کروں گا، انکی کرپشن کی داستانوں سے پوری دنیا واقف ہے، میرے خلاف پوری ریاستی مشینری استعمال کر کے بھی گھڑی کے علاوہ کچھ نہ نکال سکے، گھڑی والے معاملے پر عدالت جا رہا ہوں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پورا یقین ہے عدالت میں یہ پراپیگنڈا ایکسپوز ہو جائے گا، انہوں نے کبھی عوام کی طاقت کو سمجھا ہی نہیں، شہباز شریف لندن کی عدالت میں بھی پھنس چکا ہے، لگتا ہے یہ وہاں بھی آؤٹ آف کورٹ سیٹلمنٹ کرے گا۔

شال بقیہ 9

کیا جس سے معاشی بحران نے جنم لیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے ترقیاتی بجٹ نصف کر دیا اور سابق حکمران نے حکومت جانے کا غم اس قدر لیا کہ پوری قوم کو دست و گریباں کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک ہر شخص کی اچھائی یا برائی اس کے ذاتی نام سے نہیں بلکہ اس کے ملک سے پہچانی جاتی ہے اس لئے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی سعودی عرب کے قوانین کا احترام کرتے ہوئے پاکستان کا نام روشن کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا امن و امان کے مسئلے پر حکومت بھرپور توجہ دے رہی ہے تاہم بدقسمتی سے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، وہ مرکز کے خلاف ہر قدم انتہائی ہے اور ملک کے سیکیورٹی اداروں کے خلاف مہم چلاتی ہے، وفاقی وزیر داخلہ کی گرفتاری کے وارنٹ جاری کیے جاتے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی کے رہنما سیلاب زدگان کی امداد کیلئے وزیر اعظم کی عالمی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کیلئے مہم چلاتے ہیں، کیا یہ ملک کی خدمت ہے؟ یہ کون سی ملک سے محبت ہے کہ سیلاب زدگان کی امداد کے حوالے سے بھی انہوں نے دوست ممالک کو بھی کہا کہ ان کی امداد نہ کرو، یہ عوام کی نمائندہ حکومت نہیں ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ریاست مدینہ' جمہوریت اور نئے پاکستان کا نعرہ لگانے والے کہتے ہیں کہ عوام سیلاب میں ڈوبے رہیں مگر وہ سیاست سیاست کھیلتے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت سیاست کھیلنے کا نہیں بلکہ قوم کو متحد کرنے کا اور ملک میں سیاسی استحکام قائم کرنے کا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ سعودی عرب سیدیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں اور رہیں گے، سعودی عرب میں مقیم پاکستانی ملک کے لئے اسٹریٹجک پارٹنر کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کی خدمات کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آنے کے بعد ہماری حکومت ملک کو درپیش مشکلات سے نکالنے کی کوشش کر رہی ہے، 6 ماہ کے دوران ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت داؤ پر لگ چکی تھی، ہم نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے پر عمل کر کے ملکی معیشت کو بہتر بنایا، بھارت اور پی ٹی آئی دو قوتیں تھیں جو پاکستان کے آئی ایم ایف معاہدہ کے بحالی کے لئے مخالفت میں کمربستہ تھیں، ملک گرے لسٹ سے بھی نکل گیا ہے۔

شال بقیہ 10

اینڈ ٹیکنالوجی کی جانب سے ارسال کی گئی سمری پر ڈی ای۔ خدمت مرکز کا منصوبہ ای۔ گورنمنٹ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے ای۔ خدمت مرکز سے شفافیت کا عنصر نمایاں ہوگا ای۔ خدمت مرکز کے قیام سے شہریوں کو کم وقت میں بہتر خدمات کی فراہمی اور حکومتی محاصل میں اضافہ ممکن ہوگا ای۔ خدمت منصوبے کے تحت شہریوں کو ایک ہی چھت کے نیچے 20 آن لائن سروسز فراہم کی جائیں گی ای۔ خدمت مرکز کے قیام سے عوام سے براہ راست منسلک سرکاری امور کی انجام دہی میں بہتری آئیگی رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں کوئٹہ حب گوادر خضدار اور لورالائی میں ای۔ خدمت مراکز کے قیام کے منصوبے شامل ہیں ای۔ خدمت مراکز کا قیام وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں موجودہ حکومت کی ایک اور اہم کامیابی ہے۔

شال بقیہ 11

کمشنر نے کہا کہ تیرہ نومبر کو پاک افغان بارڈر پر دہشت گردی کا ایک واقعہ پیش آیا جس میں افغان سرزمین سے داخل ہو کر ایک دہشت گرد نے ایک ایف سی اہلکار کو شہید اور دو کو زخمی کر دیا جس کے بعد باب دوستی کو احتجاجاً بند کر دیا گیا پچھلے ایک ہفتے سے باب دوستی پر آمدورفت بحال کرنے کے لیے سول ملٹری لیزان کمیٹی کی کئی ملاقاتیں ہوئیں اس کے علاوہ افغان اور پاکستانی حکام کے مابین بات چیت کا سلسلہ جاری رہا انہوں نے کہا کہ افغان حکام نے ان ملاقاتوں کے دوران اس واقعے پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا اور یقین دلایا کے مجرم کو ہر صورت گرفتار کیا جائے گا اور مجرم کو سخت سزا دی جائے گی ان ملاقاتوں میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ آئندہ کسی بھی شرپسند عناصر کو دونوں ملکوں کے درمیان بھائی چارے کی فضا کو خراب کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ بہت سے انتشار پسندوں نے بے بس اور مجبور لوگوں کو استعمال کر کے سرحد کے دونوں طرف حالات کو خراب کر کے اپنے ناکام عزائم کو پورا کرنے کی مذموم کوششیں کیں۔

شال بقیہ 12

کر دیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں قومی اسمبلی نے کہا کہ کاپ۔ 27 کے موقع پر پاکستانی پارلیمانی سفارتکاری نے اہم سنگ میل عبور کیا ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ سمیت عالمی قائدین نے عالمی فنڈ کے قیام کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ 'ڈیمیج اینڈ لاس' فنڈ کا قیام موسمیاتی انصاف کی طرف عملی پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ بلاول اور وزیر موسمیات شیری رحمان نے موسمیاتی انصاف کے لئے علاقائی اور عالمی سطح پر بھرپور آواز بلند کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قومی اسمبلی نے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے عالمی برادری کی توجہ طلب کرے میں اہم کردار ادا کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ڈیمیج اینڈ لاس فنڈ کے ذریعے سیلاب سمیت دیگر موسمیاتی نقصانات کے شکار ممالک کو مالی معاونت مل سکے گی۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ عالمی فنڈ کے قیام سے پاکستان میں سیلاب متاثرین کی بحالی اور تعمیر نو میں بڑی مدد مل سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ کاپ۔ 27 کا سربراہی اجلاس شرم الشیخ، مصر میں 7 سے 8 نومبر کو منعقد ہوا تھا، اس اہم اجلاس میں پاکستانی پارلیمانی وفد نے بھرپور انداز میں اپنا موقف پیش کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے لاحق خطرات سے نمٹنے میں یہ فنڈ ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔

شال بقیہ 13

کہا ہے کہ کرم کی عوام اور پاک فوج اپنی سرزمین کی حفاظت اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینا اچھی طرح جانتے ہیں۔ ساجد حسین طوری نے کہا کہ جارحیت اور جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں اور پاکستان ہمیشہ افغانستان اور دیگر ہمسایہ ممالک کے ساتھ تمام مسائل بات چیت کے ذریعے حل کرنا چاہتا ہے اور اچھے تعلقات کا خواہاں رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان برادر ملک ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ تمام حل طلب مسائل سفارتی ذرائع اور بات چیت کے ذریعے حل ہو۔ وفاقی وزیر ساجد حسین طوری نے کہا کہ سرحد کے دونوں پار رہنے والے لوگوں کے درمیان زمینی تنازعات کو دو طرفہ جرگہ اور سفارتی ذرائع کے ذریعے حل کی جائیں تاکہ مستقبل میں ایسا کوئی واقعہ رونما نہ ہو جس سے دونوں ممالک کے برادرانہ اور دوستانہ تعلقات کو نقصان پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے زمین کے تنازع پر افغان حکومت سے پہلے ہی جرگے اور مذاکرات کیے ہیں اور مزید مذاکرات کی ضرورت ہے اور سرحد پار کے لوگ خرلاچی اور بوڑکی کی پاکستانی زمینوں پر قبضے کی ناکام کوشش نہ کریں۔

شال بقیہ 14

کردہ اعلامیہ کے مطابق نور احمد پیرکانی کو میری ایم آئی ٹی، سیدال خان لونی کو سیکرٹری مائنز اینڈ منرل ڈویلپمنٹ، حمزہ شفقت سیکرٹری انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 15

علاقے سبزل روڈ بھٹی شی میں واقعہ گھر میں گیس لیک کے باعث آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں محمد یوسف اور عبدالصمد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 16

گئی۔ ترجمان کسٹمز حکام کے مطابق گوادر کسٹمز نے ایف سی کے تعاون سے خاران سے آنے والے ٹرک کی پنجگور کے مقام پر تلاشی کے دوران خفیہ خانوں سے 770 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس برآمد کر لی ترجمان کے مطابق برآمد شدہ چرس کی قیمت چالیس کروڑ روپے بنتی ہے مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 17

مین شاہ زیب کھوسہ اتوار کی شب دیر سے ڈیوٹی آف کر کے گھر جا رہا تھا کہ کنرانی چوک پر نامعلوم سمت سے فائرنگ کی گئی گولی لگنے سے زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور زخمی اہلکار کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو اسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دیا گیا جہاں پر طبی امداد دی گئی ڈاکٹرز کے مطابق پولیس کانسٹیبل کو بازو پر گولی لگی ہے تاہم وہ خطرے سے باہر ہیں ڈیرہ اللہ یار پولیس نے واقعہ کی تفتیش شروع کر دی۔

شال بقیہ 18

ہے۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ ان کا دھیان صرف عمران خان پر مرکوز ہے، ان کی توجہ صرف اپنی طاقت اور دولت کی حفاظت کے لیے ریاستی اداروں کو مینیج کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس بے شرم اور خود غرض حکومت سے کئی زیادہ بہتر کا مستحق ہے۔

شال بقیہ 19

کے سربراہ سردار اختر مینگل نے سراوان ہاؤس میں ملاقات کی، ملاقات میں بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی نواب اسلم خان رئیسانی سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے ملک اور صوبے کی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

شال بقیہ 20

پر فائرنگ کی جس کے باعث سرحدی علاقوں میں حالات کشیدہ ہو گئے، عمائدین نے مذاکرات کا عمل شروع کر دیا۔ طوری بنگش قبائل کے رہنما عنایت طوری اور عینی شاہدین کے مطابق ضلع کرم کے سرحدی علاقے بوڑکی خرلاچی کے پاکستانی حدود میں افغان باشندوں نے ہفتے کے روز سڑک کی تعمیر کی کوشش کی جس پر افغانستان اور ضلع کرم کے علاقہ خرلاچی سے فائرنگ کا تبادلہ شروع ہوا تاہم جرگہ کی کوششوں سے فائر بندی ہو گئی تاہم اتوار کے روز دوبارہ پاکستانی علاقوں میں افغان باشندوں نے زبردستی سڑک کی تعمیر شروع کر دی جس پر دوبارہ شدید فائرنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا جو تاحال جاری ہے۔

شال بقیہ 21

بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق عبدالولی کاکڑ کا تبادلہ کرتے ہوئے انہیں سیکرٹری جنگلات جبکہ عمران خان کو محمد ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔

شال بقیہ 22

ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے پاکستان میں تباہ کن سیلاب آئے جس سے 30 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان ہوا اور عالمی سطح پر یہ نازک مسئلہ دوبارہ توجہ حاصل کر سکا۔ پاکستان نے گروپ 77 کے سربراہ کے طور پر اور چین نے شرم الشیخ میں ہونے والی کوپ 27 کانفرنس میں فنڈ قائم کرنے کے لیے فعال کردار ادا کیا، پہلے اسے کانفرنس کے ایجنڈے میں شامل کرایا اور اس کے بعد اتفاق کے لیے زور دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سمیت دیگر ترقی پذیر ممالک جو موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات سے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں، ان کے نقصانات کی تلافی یہ فنڈ (لوس اینڈ ڈیمیج فنڈ) کر سکے گا۔ بیان میں بتایا گیا کہ پاکستان نے ترقی پذیر ممالک کو فنڈ قائم کرنے کے لیے ثابت قدم رہنے اور مثالی یکجہتی کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مشکلات سمجھنے اور تعاون کر کے ہنگامی بنیادوں پر نقصان اور تباہی کے ردعمل کے لیے ترقی یافتہ ممالک کو سراہتے ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ پاکستان اس تاریخی پیش رفت پر کوپ 27 کی مصری صدارت بالخصوص وزیر خارجہ سامح شکری کے ساتھ ساتھ یو این ایف سی سی سی کے ایگزیکٹو سیکرٹری سائمن اسٹیل کے کردار کو بھی سراہتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ ہم فنڈ کے جلد فعال ہونے کے منتظر ہیں، اور امید ہے کہ یہ فنڈ موسمیاتی مالیات کے فن تعمیر میں ایک بڑے خلا کو پر کر دے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ موسمیاتی سفارت کاری کے ایک حصے کے طور پر پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے عالمی مباحثے، مذاکرات اور عمل میں تعمیری تعاون جاری رکھے گا۔

شال بقیہ 23

متحدہ سمیت عالمی قائدین نے اہم کردار ادا کیا ڈیمیج اینڈ لاس فنڈ کا قیام موسمیاتی انصاف کی طرف عملی پیش رفت ہے، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ بلاول اور وزیر موسم

عمران خان کا جلدی انتخابات کا مطالبہ بلا جواز ہے، وزیر ریلوے

عمران خان انتخابات کیلئے سنجیدہ ہوتے تو لانگ مارچ کے بجائے استعفے منظور کرواتے، سعد رفیق

عمران کی غیر قانونی حکومت کو برداشت کیا، 4 حکومتوں کے حکمران ہماری آئینی حکومت کو برداشت کریں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ عمران خان کا جلدی انتخابات کا مطالبہ بلا جواز ہے، اگر وہ انتخابات کیلئے سنجیدہ ہوتے تو لانگ مارچ کے بجائے اپنے استعفے منظور کرواتے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں خواجہ سعد رفیق نے لکھا کہ عمران کی غیر قانونی حکومت کو برداشت کیا، 4 حکومتوں کے حکمران ہماری آئینی حکومت کو برداشت کریں، جلدی انتخابات کا مطالبہ بلا جواز ہے۔

کوئٹہ، زمینداران موضع سنی خضدار کے معتبرین عبدالعزیز کرد، مولوی عبدالکریم مینگل، نکری رفیق احمد مینگل ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

عوام کے مسائل کا حل ترجیحات میں شامل ہے، محمد الیاس کبزئی

عوام کی مشکلات کو کم کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ خصوصی اقدامات اٹھارہی ہے، ڈپٹی کمشنر محمد خضدار

سرکاری دفاتر سے منسلک شہریوں کے کام جلد نمٹانے کیلئے ضلعی انتظامیہ ہمہ وقت اقدامات کررہی ہے

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل ان کی ترجیحات میں شامل ہے سرکاری دفاتر سے منسلک شہریوں کے کام جلد نمٹانے کیلئے ضلعی انتظامیہ ہمہ وقت اقدامات کررہی ہے اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنرز تحصیلدار اور تمام عملہ متحرک اور خصوصی ہدایات کی روشنی میں اپنی ذمہ داریاں نبھارہی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

جنرل قمر باجوہ قوم کو ڈاکٹر عافیہ کی واپسی کا تحفہ دے کر جائیں، الطاف شکور

پاکستان کی بیگناہ بیٹی کی قید ناحق پوری قوم کیلئے اذیت اور شرم کا باعث ہے

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل قمر باجوہ قوم کو ڈاکٹر عافیہ کی واپسی کا تحفہ دے کر جائیں۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی مشکل حالات اور سازشوں کے باوجود مسلح افواج نے آپ کی قیادت میں پاکستان کے تحفظ کیلئے بڑی خدمات سرانجام دی ہیں۔ پاکستان کی بے گناہ بیٹی کی قید ناحق پوری قوم کیلئے اذیت اور شرم کا باعث ہے۔ ڈاکٹر عافیہ کو وطن واپس لاکر ایک ہیرو کی طرح اپنے عہدے سے رخصت ہوں۔

گوادر سی پیک منصوبہ ملک کی تعمیر وترقی میں گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے، چوہدری نعیم کریم

سابق نااہل حکومت نے سی پیک منصوبے پر توجہ نہیں دی' مرکزی رہنماء پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ گوادر سی پیک منصوبہ ملک کی تعمیر وترقی میں گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے سابق نااہل حکومت نے سی پیک منصوبے پر توجہ نہیں دی مسلم لیگ (ن) کی وفاقی حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے بعد گوادر سی پیک کے منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا ہے اور انشاء اللہ یہ منصوبے جلد مکمل ہونگے۔ یہ بات انہوں نے وفاقی وزیر احسن اقبال سے ملاقات کے بعد بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 4 سال کے دوران کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوا

کوئٹہ کھنڈرات کا منظر پیش کررہا ہے، لالا یوسف خلجی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 4 سال کے دوران کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوا بلوچستان کا دارالخلافہ کوئٹہ کھنڈرات کا منظر پیش کررہا ہے ایسے لگتا ہے کہ صوبائی وزراء اور ارکان پارلیمنٹ کا تعلق بلوچستان سے نہیں بلکہ پنجاب سے ہے اس لئے وہ صوبے کی ترقی پر توجہ نہیں دے رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے قبائلی معتبرین کے ایک وفد سے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

مسیحی عوام کو سیاست سے لاتعلقی ختم

سیاسی عمل کا حصہ ہوکر شعوری بلندیوں کو حاصل کرنا ہوگا، انیل غوری

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے ممبر انیل غوری نے کہا ہے کہ مسیحی عوام کو سیاست سے لاتعلقی ختم کرنا ہوگا یا در سیاسی عمل کا حصہ ہوکر شعوری بلندیوں کو حاصل کرنا ہوگا۔ تب اپنے حقوق کے حصول کو ممکن بنانے کے ساتھ دفاع بھی کرسکے گے۔ یہ بات انہوں نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی عوام کو دانستہ طور پر سیاسی عمل سے دور رکھنے کی کوشش کی گئی تاکہ ان کو اپنے مفادات کیلئے کسی بھی وقت استعمال کیا بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کو دین دوست عوام پسند کرتے ہیں، ضلعی امیر نورالحق

آنیوالی حکومت بلوچستان میں جمعیت تنہاء بنانے کی پوزیشن میں ہوگی

زیارت (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع زیارت کے ضلعی امیر مولوی نورالحق، جنرل سیکرٹری سابق ایم پی اے خلیل الرحمن دمڑ نے کہا ہے کہ جمعیت کا مستقبل تابناک ہے جمعیت علماء اسلام کو دین دوست عوام پسند کرتے ہیں جمعیت علماء اسلام نے اپنے دور شراکت حکومت میں جتنے کام کئے ہیں اجتماعی وہ کسی نے نہیں کئے جمعیت علماء اسلام نے اپنے دور حکومت میں امن قائم کیا تھا عوام کی جان ومال محفوظ اور بے خوف تھے بلوچستان اور بالخصوص زیارت حلقے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

عمران خان پی ڈی ایم کے کرپٹ حکمرانوں کے خلاف عوام کی جنگ لڑرہے ہیں

قوم اپنے کپتان کے ساتھ ہے جو امپورٹڈ ٹولے کا ڈٹ کر مقابلہ کررہا ہے

پی ٹی آئی کا منشور قوم کی خوشحالی وتعمیر اور کرپٹ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے، ذاکر خان ترین

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف ضلع قلعہ عبداللہ کے سینئر نائب صدر ذاکر خان ترین نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا منشور قوم کی خوشحالی وتعمیر اور کرپٹ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے ملک لوٹنے والوں اور نااہل لوگوں نے قوم کو کچھ نہیں دیا چیئرمین عمران خان قوم کے لئے امید کی کرن ہیں لہذا قوم کو چاہیے کہ چیئرمین عمران خان کا بھرپور ساتھ دیں، 25 نومبر کو پارٹی کے کارکن صوبائی صدر قاسم خان سوری کی قیادت میں لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کریں گے۔ یہ بات انہوں نے حقیقی آزادی مارچ میں شرکت کیلئے تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اتوار کو پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجلاس میں لانگ مارچ میں شرکت کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے کارکن اور عوام بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

انوار الحق کاکڑ زیر گردش ہیں کہ ٹیکنوکریٹ حکومت کو آنے والی ہے، شیخ رشید

حکومت سیاسی، معاشی، اقتصادی اور اہم تعیناتی بحران میں پھنس گئی ہے

راولپنڈی میں 26 نومبر کو پاکستان کا تاریخی سیاسی اجتماع ہوگا، یہ ہفتہ فیصلہ کن ہے، سابق وزیر

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ عمران خان کا 26 نومبر کو کمیٹی چوک میں تاریخی استقبال کریں گے۔ انہوں نے ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ الٹی گنتی شروع ہوگئی ہے، حکومت سیاسی معاشی اقتصادی اور تعیناتی بحران میں پھنسی ہوئی ہے، عمران خان کا 26 نومبر کو کمیٹی چوک میں تاریخی استقبال کریں گے۔ شیخ رشید نے عمران خان کے اعلان کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ راولپنڈی میں 26 نومبر کو پاکستان کا تاریخی سیاسی اجتماع ہوگا۔ سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے سیاسی صورت حال سے متعلق دعویٰ کیا کہ یہ ہفتہ فیصلہ کن ہے۔ شیخ رشید نے پیغام لکھا کہ حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔ سابق وزیر داخلہ نے لکھا کہ حکومت سیاسی، معاشی، اقتصادی اور بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، چائلڈ رائٹس موومنٹ سی (آر ایم) کے زیر اہتمام میر بہرام لہڑی، ایڈووکیٹ عبدالحئی، بہرام بلوچ کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

گوادر کسٹمز کی چیکنگ کے مقام پر کارروائی، 40 کروڑ روپے مالیت کی اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) گوادر کسٹمز کی چیکنگ کے مقام پر کارروائی 40 کروڑ روپے مالیت کی اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کسٹمز حکام کے مطابق گوادر کسٹمز نے ایف سی کے تعاون سے خاران سے آنے والے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے بی اور دوبندی میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بی کے علاقے ٹلی اور دوبندی کے علاقے بنکھہ کلی میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپس میں کل 855 مقامی مریضوں کا معائنہ کیا گیا جن میں 351 مرد، 215 بچے اور 289 خواتین شامل تھے۔ تمام مریضوں کو طبی معائنہ کے ساتھ مفت ادویات، بلڈ ٹیسٹ اور مائیکر بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پاک افغان سرحدی علاقہ ایلازے کے پہاڑوں میں آگ لگ گئی

مہمند (این این آئی) پاک افغان سرحدی علاقہ ایلازے کے پہاڑوں میں آگ لگ گئی۔ اچانک نامعلوم وجوہات کی وجہ سے آگ لگی۔ ریسکیو 112 دو دن سے آگ بجھانے میں مصروف ہے۔ اے سی بائیزئی آپریشن کے نگرانی کررہے ہیں۔ ایف سی، رضا کار اور مقامی لوگ بھی آگ بجھانے میں شامل ہے صبح دوبارہ آپریشن کا آغاز کیا۔ تحصیلات کے مطابق تحصیل بائیزئی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، عبدالقدیر سنزرخیل

شہر کی امن وامان کی صورت حال برقرار رکھنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کریں

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے ممتاز قبائلی سیاسی شخصیت عبدالقدیر سنزرخیل نے اپنے ایک اخباری بیان میں ضلعی سول وجاسوسی اداروں کی لاپرواہی کی مزمت کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ عوام کی جان ومال کی حفاظت کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے کیونکہ شہر اور مضافات میں میں اسلحہ سے لیس سینکڑوں افراد موٹر سائیکلز پر دندناتے پھر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں آئے روز قتل اور چوری ڈکیتی کی واردات ہو رہی ہیں جس سے شہریوں میں خوف کی لہر دوڑ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

زیارت اور سنجاوی میں زمینداروں کو بلا معاوضہ گندم بیج کی فراہمی جاری ہے، ڈپٹی کمشنر زیارت

حکومت زمینداروں کے تمام جائز مسائل کے حل کے لیے بھرپور اقدامات کررہی ہے

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت حبیب نصیر نے کہا کہ تحصیل زیارت اور تحصیل سنجاوی میں زمینداروں کو بلا معاوضہ گندم بیج کی فراہمی جاری ہے زمینداروں کو بیج گندم فراہمی سے کاشت کاروں کے مسائل حل ہو جائیں گے شدید بارشوں اور سیلابوں کی وجہ سے ضلع زیارت کے زمینداروں کا نقصان ہوا ہے جس کے بعد کاشت کاروں کو ریلیف دینے کے لیے حکومت نے گندم بیج مفت فراہم کرنا شروع کیا انہوں نے کہا کہ زراعت کا شعبہ ایک اہم شعبہ ہے زراعت ملک کی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کی ایم این اے نفیسہ شاہ سے انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا ملاقات کررہے ہیں

عوام روزگار، تعلیم وصحت کی سہولتوں کو ترس رہے ہیں، عبدالحق ہاشمی

ترقیاتی منصوبوں، حکومتی اداروں میں ہر سطح پر بدعنوانی کی وجہ سے ترقی کا راستہ رک گیا ہے

حکمران سلگتے عوامی مسائل حل کرنے پر توجہ دیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ صوبہ بھر کے اضلاع میں عوام روزگار تعلیم وصحت کی سہولتوں کو ترس رہے ہیں بلوچستان کو وفاق کیساتھ صوبائی حکومتوں نے بھی نظر انداز کیا ہے ہر سطح پر بدعنوانی سرایت کرگئی ہے بدعنوان رشوت چوری وبھتہ کو حق سمجھ کر کررہے ہیں ترقیاتی منصوبوں، حکومتی اداروں میں ہر سطح پر بدعنوانی کی وجہ سے ترقی کا راستہ رک گیا ہے، ترقیاتی کام سست ہونے کے برابر ہیں۔ حکمران سلگتے عوامی مسائل حل کرنے پر توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام تاجروں زمینداروں کو بجلی گیس نہیں مل رہی معیاری ہسپتال یا بہترین تعلیمی ادارہ نہیں اہل بلوچستان کیساتھ یہ سلوک گزشتہ ستر سالوں سے ہو رہا ہے یہی رویے یہی ظلم انہی زیادتیوں ناانصافی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام منان چوک پر احتجاجی مظاہرے سے اے این پی کے صوبائی صدر ورکن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی خطاب کررہے ہیں

شریعت کے منافی ہر بات کی مذمت کرتے ہیں، مولانا عبدالماجد فاروقی

وطن عزیز میں متنازعہ فلم جیسی شریعت کے منافی کسی بات کی بھی گنجائش نہیں ہے

کراچی (این این آئی) ملک میں شریعت کے منافی ہر بات کی مذمت کرتے ہیں متنازعہ فلم بے راہ روی کی شکار نئی نسل کو مزید بے راہ روی کی طرف دھکیل نے والی بات ہے حکومت کو مستقبل کی معمار نئی نسل کو بے راہ روی سے بچانے کے لئے اقدامات اٹھانے چاہئے اور متنازعہ فلم کی اجازت کے فیصلے کو فی الفور واپس لے لینا چاہئے وطن عزیز میں متنازعہ فلم جیسی شریعت کے منافی کسی بات کی بھی گنجائش نہیں ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان (امن کونسل) سندھ کے صوبائی صدر، مدرسہ تعلیم بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

عمران خان کا ریاست پر قبضے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا' فضل کھوکھر

انتخابات وقت پر ہونگے خونی انقلاب کی باتیں کرنیوالے الطاف حسین سے عبرت حاصل کریں

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما فضل کھوکھر نے کہا ہے کہ عمران خان کا ریاست پر قبضے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، خان صاحب کا لانگ مارچ صرف اقتدار حاصل کرنے کیلئے ہے جس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قندز خان شفاف الیکشن نہیں خون خرابا اور عوام کی لاشیں گرانا چاہتا ہے چیف الیکشن کمیشن نے فارن فنڈنگ کیس میں غلام بننے سے انکار کیا اور این آر او نہیں دیا جو چار سال تک اپوزیشن کے ساتھ ہاتھ ملانا گوارا نہیں کرتا تھا اب وہ پی ڈی ایم سے مذاکرات کے لیے منتیں کررہا ہے اس کے ساتھ مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی جانب سے سلامتی کے اداروں اور حکومت کو بلیک میل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بلوچستان کی عوام کو ریل کے سستے سفر سے کوئی محروم نہیں کرسکتا' نسیم گشکوری

بند ٹرینوں کی بحالی کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی' مرکزی سینئر نائب صدر ریلوے ورکرز یونین

سبی (این این آئی) ریلوے ورکرز یونین کے مرکزی سینئر نائب صدر نسیم گشکوری نے کہا ہے بلوچستان کی عوام کو ریل کے سستے سفر سے کوئی محروم نہیں کرسکتا ریلوے ورکرز یونین ریل کے ملازمین کے حقوق کے حصول کے ساتھ ساتھ بلوچستان سے بند ہونے والی مسافر ٹرینوں کی بحالی کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے بند ٹرینوں کی بحالی کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے سچ ریلوے اسٹیشن پر ریلوے ورکرز یونین کے سینکڑوں کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام مچھ سے سکھر تک بلوچستان کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بلوچستان ایجوکیشن کالج ٹیچرز کے زیر اہتمام کالج اساتذہ کیلئے ان سروس ٹیچرز ٹریننگ پروگرام کے اختتام پر ڈائریکٹر کالجز سرانج کاکڑ، ڈائریکٹر بی ای ڈی پروفیسر ریان اللہ بلوچ اور ڈائریکٹر پروفیسر شبانہ سلطان شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کررہے ہیں

پولی ٹیکنیک کالج سبی کو جلد فنکشنل کیا جائے، ڈاکٹر نور احمد شاہ خجک

پولی ٹیکنیک کالج سبی کی تمام مشینری اور بس سبی انتظامیہ کے حوالے کردیں

سبی (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی کمیٹی ممبر ڈاکٹر نور احمد شاہ خجک نے میں کہا ہے کہ پولی ٹیکنیک کالج سبی کو جلد فنکشنل کیا جائے جسکی تعلیمی اداروں میں ایک نمایاں حیثیت ہے جہاں سے فارغ التحصیل ہو کر طلباء باعزت روزگار حاصل کرسکتے ہیں۔ اتوار کو اپنے جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ انڈسٹری، زراعت، ایریگیشن، پبلک ہیلتھ، پی اینڈ آر، این ایچ اے ان تمام اداروں میں پولی ٹیکنیک کالج کے فارغ التحصیل انجینئرز کام کرتے اور جسکے لیے ہمیشہ سے کوئٹہ جانا پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ سبی اور نصیر آباد ڈویژن بدقسمتی سے بلوچستان کے وہ ڈویژن ہیں۔

ڈسٹرکٹ سپورٹس نوشہرہ نے (آج) سے انٹر حلقہ ٹرائلز کے شیڈول کا اعلان کردیا

نوشہرہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ سپورٹس نوشہرہ نے (آج) پیر سے انٹر حلقہ ٹرائلز کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہیٹرائلز میں پی کے 61,62,63,64,65 حلقے شامل ہوں گے اور مختلف کھیلوں کرکٹ، ٹینس بال، فٹ بال اور والی بال جیسی مختلف کھیل شامل ہوں گے، اس حوالے سے ڈسٹرکٹ سپورٹس بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سیلاب متاثرین کے زخموں پر مرہم رکھ رہے ہیں، سردار یعقوب خان ناصر

بلوچستان میں متاثرین کی مکمل بحالی تک وزیراعظم کے عزم کو سلام پیش کرتا ہوں، وفاقی وزیر

متاثرین کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے وفاقی وزارت صحت تین سو میڈیکل کیمپس لگانے جارہی ہے

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر ریلوے سردار یعقوب خان ناصر نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف سیلاب متاثرین کے زخموں پر مرہم رکھ رہے ہیں بلوچستان میں متاثرین کی مکمل بحالی تک وزیر اعظم کے عزم کو سلام پیش کرتا ہوں متاثرین کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے وفاقی وزارت صحت تین سو میڈیکل کیمپس لگانے جارہی ہے۔ یہ بات انہوں نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کے اشتراق عمل سے تمام متاثرہ اضلاع میں ریلیف اور بحالی کا کام جاری ہے لیکن اسمیں مزید تیزی لائی جائے بلوچستان کا انفراسٹرکچر مکمل تباہ ہوچکا ہے جا بجا سڑکیں سیلاب میں بہہ جانے سے مواصلات کو شدید نقصان بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لاہور میں 20 سالہ نوجوان ڈور پھرنے سے جان کی بازی ہار گیا

لاہور (این این آئی) پتنگ بازی کا شوق ایک اور قیمتی جان نگل گیا، لاہور میں 20 سالہ شہزاد ڈور پھرنے سے جان کی بازی ہار گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کے علاقے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

خواتین کی شرکت کے بغیر معاشرہ کی ترقی ناممکن ہے، ثمینہ ممتاز زہری

اسلامی تاریخ میں حضرت خدیجہؓ، حضرت عائشہؓ سمیت بہت سی مسلم خواتین کا کردار ترقی وخوشحالی میں کلیدی رہا ہے

پاکستان ترقی پذیر ملک ہے جس کی نصف سے زائد آبادی خواتین پر مشتمل ہے۔ خواتین معاشرے کی فعال شہری ہیں، نائب صدر بی این پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی نائب صدر وسینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ معاشرے میں خواتین کے کردار سے کسی صورت انکار ممکن نہیں۔ پاکستان ترقی پذیر ملک ہے جس کی نصف سے زائد آبادی خواتین پر مشتمل ہے۔ خواتین معاشرے کی فعال شہری ہیں انہوں نے ہمیشہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کیا ہے اور ملکی ترقی میں خواتین کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جن گھروں میں پڑھی لکھی خواتین ہیں اور وہ خواتین اپنی جملہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھاتی ہیں وہی گھرانے معاشرے میں عزت بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے شہریوں کو ریل کے سستے سفر کی سہولیات مل گئی

سبی (این این آئی) بلوچستان کے شہریوں کو ریل کے سستے سفر کی سہولیات مل گئی بلوچستان سے تین ماہ تعطل کے بعد ٹرین سروس بحال کردی مچ سے جعفر ایکسپریس روانہ۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں مون سون بارشوں اور سیلاب کے باعث تین ماہ سے تعطل کا شکار ٹرین سروس ہفتہ سے بحال کردی گئی مچ ریلوے اسٹیشن سے جعفر ایکسپریس مسافروں کو لے کر روانہ کردی گئی محکمہ ریلویز کے مطابق مچھ سے پشاور روانگی کیلئے جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

تعلیم ایسی کنجی ہے جو قوموں پر ترقی کے دروازے کھول دیتی ہے، طارق اللہ

پشاور (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لکی مروت ڈاکٹر طارق اللہ نے لکی مروت گورنمنٹ بائیز سیکنڈری سکول آبا خیل میں ٹیلنٹ ایوارڈ شو میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ایسی کنجی ہے جو قوموں پر ترقی کے دروازے کھول دیتی ہے جن اقوام نے تعلیم کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا وہ آج دنیا پر حکمرانی کررہی ہیں جس کا اہتمام جہان فاؤنڈیشن اور آبا خیل ریفارمیٹو مومنٹ (اے آر ایم) نے کیا تھا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لکی مروت ڈاکٹر طارق اللہ مہمان خصوصی تھے۔

کے ڈی اے ملازمین کی مستقلی کے لئے دائر کی گئی آئینی درخواست کی سماعت (آج) ہوگی

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور کی ہدایت پر کے ڈی اے ملازمین کی مستقلی کے لئے دائر کی گئی آئینی درخواست (D)6418/2021 کی سماعت آج (پیر) سندھ ہائی کورٹ میں جسٹس محمد جنید غفار اور جسٹس آغا فیصل پر مشتمل دو رکنی بینچ کرے گی۔ کیس کی پیروی پاسبان کے وکیل خرم لاکھانی ایڈووکیٹ کریں گے۔ سندھ ہائی کورٹ کی ڈیلی لسٹ میں کیس کا سیریل نمبر 37 ہے۔

دن رات علاقے میں صفائی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں' عصمت اللہ بازئی

عوام کو بھی چاہئے کہ وہ جگہ جگہ کچرہ پھینکنے کی بجائے مخصوص جگہوں پر کچرہ جمع کریں، ایڈمنسٹریٹر

کوئٹہ (این این آئی) ایڈمنسٹریٹر لوکل گورنمنٹ کوئٹہ عصمت اللہ بازئی نے کہا ہے کہ لوکل گورنمنٹ محدود وسائل میں رہتے ہوئے صفائی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے کچلاک، سمنگلی، اغبرگ، سریاب اور دیگر علاقوں میں عرصہ دراز سے پڑے ہوئے کچرے کو اٹھا کر ٹھکانے لگا دیا گیا ہے اور لوگوں کو ملیریا سے محفوظ رکھنے کیلئے لوکل گورنمنٹ کی حدود میں آنے والے علاقوں میں مچھروں کے خاتمے کیلئے خصوصی اسپرے مہم کا انتظام کیا گیا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ملاقات کرنے والے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر چیف بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ہمیں بحیثیت قوم دیوار سے لگایا جارہا ہے' عوامی نیشنل پارٹی

علی وزیر کو عدالتی احکامات کے باوجود جعلی مقدمات میں پابند سلاسل رکھا گیا ہے' مابت کاکا

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلع قلعہ سیف اللہ کے صدر عبدالمالک کاکڑ تحصیل صدر محمد خان کاکڑ رکن مرکزی کمیٹی مراد خان کاکڑ پشتون تحفظ موومنٹ کے ضلعی کوآرڈینیٹر کاکڑ فتح محمد ضلعی جنرل سیکرٹری احسان اللہ کاکڑ انجینئر رسد خان کاکڑ پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے صوبائی صدر طاہر شاہ کاکڑ عبدالصادق کاکڑ عبدالمالک جلال زئی نے قلعہ سیف اللہ میں احتجاجی مظاہرے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بلوچستان فزیوتھراپی ایسوسی ایشن کے تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ میں عبدالباسط اظہار یکجہتی کررہے ہیں

مانسہرہ، مختلف فیڈروں پر روز کی شیڈول لوڈ شیڈنگ کے علاوہ 6 گھنٹوں کی لوڈ شیڈنگ جاری

شنکیاری (این این آئی) پیسکو کی طرف سے ایک بار پھر موسم سرما میں بھی شاخ تراشی کے نام پر ضلع مانسہرہ کے مختلف فیڈروں پر روز کی شیڈول لوڈ شیڈنگ کے علاوہ 6 گھنٹوں کے الگ سے بجلی کی بندش کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔ گزشتہ کئی روز سے شنکیاری۔ ڈاڈر۔ بفہ۔ چھتر۔ خاکی اور دیگر فیڈروں پر ہر دوسرے روز صبح 9 سے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

شریف اور زرداری خاندانوں نے ملک کو رسوائی کے سوا کچھ نہیں دیا' اسلم اقبال

لندن میں بیٹھا عدالتی سزا یافتہ مجرم عوامی لیڈر عمران خان کے مقابلے کا خواب دیکھنا چھوڑ دے

امپورٹڈ وزیراعظم اپنی کرسی بچانے اور اتحادیوں کو خوش رکھنے کیلئے قومی وسائل ضائع کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ شریف اور زرداری خاندانوں نے ملک کو رسوائی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ دونوں خاندانوں کی کرپشن سے ملک بدنام اور کنگال ہوا، ان خاندانوں نے ہمیشہ ذاتی مفادات کو ملکی مفادات پر ترجیح دی۔ سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے اپنے صوبائی حلقے میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امپورٹڈ وزیراعظم اپنی کرسی بچانے اور اتحادیوں کو خوش رکھنے کیلئے قومی وسائل ضائع کررہے ہیں۔

کوئٹہ، بلوچستان بقوق اتحاد کے زیر اہتمام ملک ج